DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 25.04.2025

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | قومی سلامتی کمیٹی کے فیصلے ملک کی سلامتی وخودمختاری کے لیے فیصلہ کن، سرفراز بگٹی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | زراعت اور مائننگ کا فروخت ترجیحات میں شامل ہے، شعیب نوشروانی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | سڑکوں اور پلوں کی دیکھ بھال صحیح انداز میں کی جائے، سلیم کھوسہ۔ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | قومی سلامتی کمیٹی کے فیصلے بھارت کو منہ توڑ جواب ہے، صوبہ وزراء۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | ملک کے تحفظ کے لیے عوام اداروں کے ساتھ ہیں، سردار کھیتر ان۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | علی حسن زہری کی جام کمال سے ملاقات مل کر کام کرنے پر اتفاق۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | بلامقابلہ امیدواروں کی کامیابی عوامی اعتماد کا مظہر ہے، ظہور بلیدی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | ریلوے کالونی میں پانی کی فراہمی کے لیے اقدامات کریں گے، لیاقت لہڑی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لیے وسائل بروئے کار لارہے ہیں، محمد خان لہڑی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | موسمیاتی تبدیلی کا حل ہمارے اختیار میں ہے صوبائی مشیر کلائمیٹ چینج وماحولیات۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | قومی سلامتی محکمہ تعلیم کی بے حسی کرایہ ادانہ کرنے پر مالک نے پاگرلز مڈل سکول ابراہیم زئی کوتالا لگا دیا گیا۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | پرکوئی سمجھوتہ ممکن نہیں، ڈاکٹر ربابہ بلیدی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | بلوچستان پولیس کمپیوٹرائزیشن کے جدید دور میں داخل ہوچکی ہے معظم جاہ انصاری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | بلوچستان بھر میں انسداد پولیو مہم چوتھے روز بھی جاری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | قلات دھماکے میں قیمتی جانوں کے ضیاء پر افسوس، حکومتی ترجمان۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | صوبائی محتسب کا جناح ٹاؤن میں نجی سکول کا دورہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | ہائی کورٹ نے کیوڈی اے کو نجی دکان گرانے سے روک دیا۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | پانی روکنا اعلان جنگ پوری قوت سے جواب دیں گے قومی سلامتی کمیٹی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 19 | جمعیت ہر دور میں باطل کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بنی رہی مولانا واسع۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 20 | کوالٹی ایجوکیشن کے فروخت کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے، ڈاکٹر مالک۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 21 | سندھ طاس معاہدے کی معطلی قابل مذمت فعل ہے، علی مدد جتک۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

منگچر میں کریک ڈاؤن متعدد منشیات فروش گرفتار، حب وساکران ٹریفک حادثات میں دوافراد جاں بحق رئیس گوٹھ سے بوری بند نعش برآمد، قلات میں بم دھماکہ جمعیت کا کونسلر دوخواتین سمیت جاں بحق پانچ افراد زخمی، نوشکی میں موٹر سائیکل سوار سے چار خود کش جیکٹس برآمد۔

## مسائل:

کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں طویل لوڈشیڈنگ جاری معمولات زندگی متاثر، محکمہ پی ایچ ای کی ناقص کارکردگی ڈیرہ مراد جمالی کے عوام پینے کے صاف پانی کو ترس گئے۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 25.04.2025

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے کوئٹہ ، **روٹی کی قیمت میں کمی کا فیصلہ** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ صوبائی دارالحکومت میں مہنگائی کا دور دورہ ہے یہاں قصاب، نانبائی، دودھ دہی سبزی فروش سمیت پھل والے عوام سے اپنی مرضی کے نرخوں پر اشیاء فروخت کررہے ہیں انہوں نے ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کے احکامات کو کبھی نہیں مانا اس طرح کمیٹی کے مقرر کردہ نرخوں پر عوام کو اشیاء فراہم نہیں کیں، افسوس کی بات یہ ہے کہ ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی اس سلسلے میں ان گرانفروشوں کیخلاف خاطر خواہ کارروائی نہیں کر پاتی، البتہ پورے سال میں صرف رمضان کے ماہ میں کمیٹی تھوڑی سی متحرک ہوتی ہے، گرانفروشوں کو گرفتار کر کے چند ایک کو جیل میں بند اور معمولی سے جرمانے کئے جاتے ہیں اور یہ دکاندار جیل سے رہا ہونے کے بعد حکومت کو دیئے جانے والا جرمانہ عوام سے مزید گرانفروشی کر کے وصول کر لیتے ہیں اور اس طرح یہ کھیل چلتا رہتا ہے رمضان کے بعد کمیٹی کی کوری کی کارروائی نظر نہیں آتی۔ گزشتہ روز کوئٹہ ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس اے ڈی سی جنرل کوئٹہ محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں شہر میں 360 گرام روٹی کی قیمت 30 روپے مقرر کرتے ہوئے قیمت کو واضح جگہ آویزاں کرنے اور خلاف ورزی پر سخت کارروائی کا فیصلہ کیا گیا۔

**اداریے:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**بجٹ و پی ایس ڈی پی میں شفافیت کو والیت دی جائیگی**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**بلوچستان کو بہتر بنانے کا وقت آگیا ھے کوئی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Attack on Polio workers" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 جمعۃ المبارک 26رشوال المکرم 1446ھ 25راپریل 2025ء نمبر 113 قیمت 30 روپے


# قومی سلامتی کمیٹی کے فیصلے ملکی سلامتی و خودمختاری کیلئے فیصلہ کن، سرفراز بگٹی

## بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنے کا اعلان انتہائی اشتعال انگیز اور غیر ذمہ دارانہ عمل ہے

## بھارت نے پاکستان کا پانی روکنے یا رخ موڑنے کی کوشش کی تو اس کا منہ توڑ جواب دیا جائیگا، وزیراعلیٰ کا ایکس پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں کیے گئے اہم اور بروقت فیصلوں کو ملکی سلامتی و خودمختاری کے تحفظ کی جانب ایک فیصلہ کن اقدام قرار دیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (سابق ٹوئٹر) پر اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ امن، استحکام اور علاقائی تعاون کو ترجیح دی ہے مگر بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنے کا اعلان ایک انتہائی اشتعال انگیز اور غیر ذمہ دارانہ عمل ہے، جسے پوری پاکستانی قوم مسترد کرتی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ اگر بھارت نے آبی جارحیت کے تحت پاکستان کا پانی روکنے یا رخ موڑنے کی کوشش کی تو اس سے دوطرفہ کشیدگی میں مزید تناؤ آئے گا اور یہ اقدام براہِ راست اعلانِ جنگ تصور کیا جائے گا اور اس کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے قومی سلامتی کمیٹی کے اس دوٹوک موقف کو سراہا کہ پاکستان کسی بھی قیمت پر اپنی قومی خودمختاری اور عوام کے بنیادی حقوق پر سمجھوتہ نہیں کرے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کی فضائی حدود اور واہگہ بارڈر کی بندش، بھارت کے ساتھ ہر قسم کی تیسرے ملک کے ذریعے ہونے والی تجارت کی مکمل معطلی، اور بھارتی ہائی کمیشن کے عملے میں کمی جیسے فیصلے ناگزیر ہو چکے تھے یہ اقدامات بھارت کی مسلسل جارحانہ پالیسیوں کے خلاف پاکستان کی خوددارانہ پالیسی کی عکاسی کرتے ہیں وزیراعلیٰ نے بھارت کے شہریوں کو جاری تمام ویزوں کی منسوخی اور سارک کے تحت دیے گئے ویزوں کی تنسیخ کو ایک دانشمندانہ قدم قرار دیا جو قومی مفاد کے عین مطابق ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سالمیت، قومی وقار اور وسائل کے تحفظ کے لیے پوری قوم متحد ہے اور کسی بھی جارحیت کا مقابلہ کرنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور حکومت، قومی سلامتی کے فیصلوں میں وفاقی حکومت اور مسلح افواج کے ساتھ کھڑے ہیں اور ملکی دفاع میں ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔

# وزیراعلیٰ کی زیرصدارت اجلاس: مستحقین تک مالی امداد شفاف انداز میں پہنچانے کے میکنزم پر غور

## اصلاحات کے دوران محکمے کے کسی ملازم کو بے روزگار نہیں کیا جائیگا، مستحقین کے اکاؤنٹ میں زکوٰۃ کی براہ راست منتقلی چاہتے ہیں، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محکمہ زکوٰۃ کی تنظیم نو اور اصلاحات سے متعلق اعلیٰ سطح اجلاس چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں مستحقین تک مالی امداد شفاف اور بروقت انداز میں پہنچانے کے لئے مؤثر میکنزم پر غور کیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان کی سربراہی میں ایک جامع پلان مرتب کیا جائے گا جس میں محکمہ زکوٰۃ کی تنظیم نو، اصلاحات اور مؤثر حکمت عملی کے خدوخال شامل ہوں گے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ اصلاحاتی عمل کے دوران محکمہ زکوٰۃ کے کسی بھی ملازم کو بے روزگار نہیں کیا جائے گا، البتہ دستیاب افرادی قوت کو مؤثر انداز میں یوٹیلائز کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایسا نظام چاہتے ہیں جس کے تحت زکوٰۃ کی رقم براہ راست اسٹیٹ بینک سے جاری ہو کر مستحق فرد کے ذاتی اکاؤنٹ میں منتقل ہو جائے تاکہ کرپشن، کمیشن اور دفتری رکاوٹوں سے پاک ایک شفاف نظام قائم ہو وزیراعلیٰ نے زکوٰۃ کی فراہمی میں تاخیر پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سالوں سے مستحق افراد زکوٰۃ سے محروم ہیں جو کہ انتہائی تشویش ناک امر ہے۔ انہوں نے ہدایت دی کہ پیچیدہ دفتری عمل کے بجائے ایک سمارٹ اور ڈیجیٹل نظام کے ذریعے فوری اور براہ راست امداد یقینی بنائی جائے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایک ماہ کے اندر اندر جامع سفارشات مرتب کر کے منظوری کے لیے پیش کی جائیں گی اس موقع پر وزیراعلیٰ نے محکمہ زکوٰۃ کی ڈسکولائزیشن پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں زکوٰۃ تقسیم کے عمل میں شفافیت لانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری مذہبی امور، زکوٰۃ و اوقاف محترمہ شہناز صادق عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری ٹو چیف منسٹر بابر خان، سیکرٹری زکوٰۃ و مذہبی امور محمد اسحاق جمالی اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی محکمہ زکواۃ کی تنظیم نو و اصلاحات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE




Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | جمعہ 26 شوال 1446ھ 25 اپریل 2025ء صفحات 08 | شمارہ 297

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے


# زکوٰۃ فنڈ مستحقین کے اکاؤنٹس میں براہ راست منتقلی کا میکنزم تشکیل دیا جائے، وزیراعلیٰ

**اصلاحاتی عمل کے دوران محکمہ زکواۃ کے کسی بھی ملازم کو بے روزگار نہیں کیا جائے گا، میر سرفراز بگٹی کی ہدایت**

**برسوں سے مستحق افراد زکواۃ سے محروم، کرپشن، کمیشن اور دفتری رکاوٹوں سے پاک ایک شفاف نظام قائم کرینگے**

**زکواۃ کی رقم کی منتقلی کے سمارٹ ڈیجیٹل میکنزم اور شفافیت سے غریب افراد کو سہولیات میسر آئیں گی، اظہار خیال**

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محکمہ زکوٰۃ کی تنظیم نو اور اصلاحات سے متعلق اعلیٰ سطح اجلاس چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں مستحقین تک مالی امداد شفاف اور بروقت انداز میں پہنچانے کے لئے موثر میکنزم پر غور کیا گیا اجلاس.........

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

میں فیصلہ کیا گیا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان کی سربراہی میں ایک جامع پلان مرتب کیا جائے گا جس میں محکمہ زکوٰۃ کی تنظیم نو، اصلاحات اور حکمت عملی کے خدوخال شامل ہوں گے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ اصلاحاتی عمل کے دوران محکمہ زکوٰۃ کے کسی بھی ملازم کو بے روزگار نہیں کیا جائے گا، البتہ دستیاب افرادی قوت کو موثر انداز میں یوٹیلائز کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایسا نظام چاہتے ہیں جس کے تحت زکوٰۃ کی رقم براہ راست اسٹیٹ بینک سے جاری ہو کر مستحق فرد کے ذاتی اکاؤنٹ میں منتقل ہو جائے تاکہ کرپشن، کمیشن اور دفتری رکاوٹوں سے پاک ایک شفاف نظام قائم ہو وزیراعلیٰ نے زکوٰۃ کی فراہمی میں تاخیر پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سالوں سے مستحق افراد زکوٰۃ سے محروم ہیں جو کہ انتہائی تشویشناک امر ہے۔ل انہوں نے ہدایت دی کہ پیچیدہ دفتری عمل کے بجائے ایک سمارٹ اور ڈیجیٹل نظام کے ذریعے فوری اور براہ راست امداد یقینی بنائی جائے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایک ماہ کے اندر اندر جامع سفارشات مرتب کر کے منظوری کے لیے پیش کی جائیں گی



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی محکمہ زکواۃ کی تنظیم نو و اصلاحات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# بھارت کی آبی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائیگا، وزیراعلیٰ

**پاکستان قومی خودمختاری اور عوام کے بنیادی حقوق پر سمجھوتہ نہیں کرے گا**

**قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں اہم فیصلوں کا خیر مقدم کرتے ہیں، سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں کیے گئے اہم اور بروقت فیصلوں کو ملکی سلامتی و خودمختاری کے تحفظ کی جانب ایک فیصلہ کن اقدام قرار دیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس) سابق ٹوئٹر (پر اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ امن، استحکام اور علاقائی تعاون کو ترجیح دی ہے مگر بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنے کا اعلان ایک انتہائی اشتعال انگیز اور غیر ذمہ دارانہ عمل ہے، جسے پوری پاکستانی قوم مسترد کرتی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے......

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

کہا کہ اگر بھارت نے آبی جارحیت کے تحت پاکستان کا پانی روکنے یا رخ موڑنے کی کوشش کی تو اس سے دو طرفہ کشیدگی میں مزید تناؤ آئے گا اور یہ اقدام براہ راست اعلان جنگ تصور کیا جائے گا اور اس کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ل انہوں نے قومی سلامتی کمیٹی کے اس دوٹوک موقف کو سراہا کہ پاکستان کسی بھی قیمت پر اپنی قومی خودمختاری اور عوام کے بنیادی حقوق پر سمجھوتہ نہیں کرے گا

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 132 | جمعۃ المبارک، 26 شوال، 25 اپریل 2025ء صفحات 8 قیمت 40 روپے

# کسی بھی بھارتی جارحیت کے مقابلے کیلئے قوم متحد و تیار ہے، سرفراز بگٹی

## پاکستان کی جانب سے بھارت کیخلاف تمام اقدامات خودداراانہ پالیسی کی عکاسی کرتے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

## محکمہ زکوۃ کے کسی بھی ملازم کو بے روزگار نہیں کیا جائے گا، نظام میں اصلاحات لائیں گے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں کیے گئے اہم اور بروقت فیصلوں کو ملکی سلامتی و خودمختاری کے تحفظ کی جانب ایک فیصلہ (باقی صفحہ 5 نمبر18)

کن اقدام قرار دیا ہے، سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (سابق ٹوئٹر) پر اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ امن، استحکام اور علاقائی تعاون کو ترجیح دی ہے مگر بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنے کا اعلان ایک انتہائی اشتعال انگیز اور غیر ذمہ دارانہ عمل ہے، جسے پوری پاکستانی قوم مسترد کرتی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ اگر بھارت نے آبی جارحیت کے تحت پاکستان کا پانی روکنے یا رخ موڑنے کی کوشش کی تو اس سے دوطرفہ کشیدگی میں مزید تناؤ آئے گا اور یہ اقدام براہ راست اعلان جنگ تصور کیا جائے گا اور اس کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے قومی سلامتی کمیٹی کے اس دوٹوک موقف کو سراہا کہ پاکستان کسی بھی قیمت پر اپنی قومی خودمختاری اور عوام کے بنیادی حقوق پر سمجھوتہ نہیں کرے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کی فضائی حدود اور واہگہ بارڈر کی بندش، بھارت کے ساتھ ہر قسم کی تیسرے ملک کے ذریعے ہونے والی تجارت کی مکمل معطلی، اور بھارتی ہائی کمیشن کے عملے میں کمی جیسے فیصلے ناگزیر ہو چکے تھے یہ اقدامات بھارت کی مسلسل جارحانہ پالیسیوں کے خلاف پاکستان کی خودداارانہ پالیسی کی عکاسی کرتے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور حکومت، قومی سلامتی کے فیصلوں میں وفاقی حکومت اور مسلح افواج کے ساتھ کھڑے ہیں اور ملکی دفاع میں ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محکمہ زکواۃ کی تنظیم نو اصلاحات سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محکمہ (باقی صفحہ 5 نمبر19)

زکوۃ کی تنظیم نو اور اصلاحات سے متعلق اعلیٰ سطح اجلاس چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں مستحقین تک مالی امداد شفاف اور بروقت انداز میں پہنچانے کے لئے موثر میکنزم پر غور کیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان کی سربراہی میں ایک جامع پلان مرتب کیا جائے گا جس میں محکمہ زکوۃ کی تنظیم نو، اصلاحات اور موثر حکمت عملی کے خدوخال شامل ہوں گے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ اصلاحاتی عمل کے دوران محکمہ زکوۃ کے کسی بھی ملازم کو بے روزگار نہیں کیا جائے گا، البتہ دستیاب افرادی قوت کو مؤثر انداز میں یوٹیلائز کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایسا نظام چاہتے ہیں جس کے تحت زکوۃ کی رقم براہ راست اسٹیٹ بینک سے جاری ہو کر مستحق فرد کے ذاتی اکاؤنٹ میں منتقل ہو جائے تاکہ کرپشن، کمیشن اور دفتری رکاوٹوں سے پاک ایک شفاف نظام قائم ہو وزیر اعلیٰ نے زکوۃ کی فراہمی میں تاخیر پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سالوں سے مستحق افراد زکوۃ سے محروم ہیں جو کہ انتہائی تشویش ناک امر ہے۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے محکمہ زکوۃ کی ڈیجیٹلائزیشن پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں زکوۃ تقسیم کے عمل میں شفافیت لانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری مذہبی امور، زکوۃ و اوقاف محترمہ شہناز صادق عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری ٹو چیف منسٹر بابر خان، سیکرٹری زکوۃ و مذہبی امور محمد اسحاق جمالی اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

رجسٹرڈ نمبر
ایم سی
I-4

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

قیمت 30 روپے

صفحات

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com,
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | بروز جمعۃ المبارک 25 اپریل 2025ء بمطابق 26 شوال 1446ھ | شمارہ نمبر 113

# محکمہ زکوٰۃ کی تنظیم نو کا اعلان، کوئی ملازم بیروزگار نہیں ہو گا

میر سرفراز بگٹی

## دستیاب افرادی قوت کو موثر انداز میں یوٹیلائز کیا جائیگا، چیف سیکریٹری کی سربراہی میں جامع پلان مرتب کیا جائے

## ایسا نظام چاہتے ہیں جس کے تحت زکواۃ کی رقم اسٹیٹ بینک سے جاری ہوکر مستحق افراد کے اکاؤنٹ میں منتقل ہوجائے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محکمہ زکوٰ کی تنظیم نو اور اصلاحات سے متعلق اعلیٰ سطح اجلاس چیف منسٹر سیکریٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں مستحقین تک مالی امداد شفاف اور بروقت انداز میں پہنچانے کے لئے موثر میکنزم پر غور کیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان کی سربراہی میں ایک جامع پلان مرتب

بقیہ نمبر 48 صفحہ 5 پر



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی محکمہ زکواۃ سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کیا جائے گا جس میں محکمہ زکوٰ کی تنظیم نو، اصلاحات اور مؤثر حکمت عملی کے خدوخال شامل ہوں گے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ اصلاحاتی عمل کے دوران محکمہ زکو کے کسی بھی ملازم کو بے روزگار نہیں کیا جائے گا، البتہ دستیاب افرادی قوت کو مؤثر انداز میں یوٹیلائز کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایسا نظام چاہتے ہیں جس کے تحت زکو کی رقم براہ راست اسٹیٹ بینک سے جاری ہوکر مستحق فرد کے ذاتی اکانٹ میں منتقل ہوجائے تاکہ کرپشن، کمیشن اور دفتری رکاوٹوں سے پاک ایک شفاف نظام قائم ہو وزیراعلیٰ نے زکو کی فراہمی میں تاخیر پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سالوں سے مستحق افراد زکو سے محروم ہیں جو کہ انتہائی تشویش ناک امر ہے۔ل انہوں نے ہدایت دی کہ پیچیدہ دفتری عمل کے بجائے ایک سمارٹ اور ڈیجیٹل نظام کے ذریعے فوری اور براہ راست امداد یقینی بنائی جائے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایک ماہ کے اندر اندر جامع سفارشات مرتب کر کے منظوری کے لیے پیش کی جائیں گی اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے محکمہ زکو کی ڈیجیٹلائزیشن پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں زکو تقسیم کے عمل میں شفافیت لانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری مذہبی امور، زکو و اوقاف محترمہ شہناز صادق عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری ٹو چیف منسٹر بابر خان، سیکرٹری زکو و مذہبی امور محمد اسحاق جمالی اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-3

قیمت 40 روپے

صفحات 8

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 37 | بروز جمعرات 24 اپریل 2025ء بمطابق 25 شوال 1446ھ | شمارہ نمبر 112

# مستونگ، پولیو ٹیم پر فائرنگ، 2 لیویز اہلکار جاں بحق، 2 حملہ آور گرفتار

## مسلح موٹر سائیکل سواروں نے کلی تیری میں ٹیم کی سیکیورٹی پر مامور اہلکاروں کو نشانہ بنایا، ایک موقع پر جاں بحق، دوسرے نے دوران علاج دم توڑا

## واقعہ کے بعد مہم تاحکم ثانی ملتوی، انسداد پولیو مہم کو سبوتاژ ہونے نہیں دینگے، شاہد رند، دہشتگرد کسی رعایت کے مستحق نہیں، میر سرفراز بگٹی

مستونگ/کوئٹہ (نمائندہ خصوصی + خ ن + ایجنسیز) کلی تیری میں پولیو ٹیم کی سیکیورٹی پر مامور نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، دو لیویز اہلکار جاں بحق، پولیو مہم ملتوی۔ تفصیلات کے مطابق مستونگ کے علاقے کلی تیری میں بدھ کی صبح 11 بجے کے وقت نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں نے پولیو مہم کی سکیورٹی ٹیم پر مامور لیویز فورس کے بقیہ نمبر44 صفحہ 7 پر



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اتحادی جماعتوں کے اراکین کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دو اہلکاروں پر اندھا دھند فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں ایک اہلکار موقع پر جاں بحق اور دوسرا اہلکار شدید زخمی ہو گیا، جنہیں فوری طور پر شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال منتقل کر دیا گیا، جہاں پر دوسرا اہلکار زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا، جاں بحق ہونے والے اہلکاروں کی شناخت نیک محمد ولد محمد حسن قوم شاہوانی سکنہ رودریس اور مقصود احمد ولد حبیب خان قوم دہوار سکنہ کاریز کلان پڑنگ آباد مستونگ کے ناموں سے ہوگئی، واقعے کے بعد ہسپتال میں سکیورٹی کے سخت انتظامات کے ساتھ چیکنگ شروع کر دی گئی، اور وقوعہ پر سکیورٹی فورسز نے موقعے پر پہنچ کر ناکہ بندی کر کے تحقیقات شروع کر دی۔ اس موقع پر ہسپتال میں موجود ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر مستونگ منان ترین اور ڈی ایس پی محمد یونس گمسی نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ مستونگ میں پانچ روزہ جاری مہم کے آج تیسرے دن کی صبح 11 بجے فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، جس میں ہمارے دو جوان شہید ہو گئے۔ دوسری جانب پولیو مہم کی سکیورٹی ٹیم پر فائرنگ کی واقعے کے بعد جاری پولیو مہم کو تاحکم ثانی ملتوی کر دیا گیا۔ دوسری جانب ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے مستونگ میں پولیو ٹیم کی سکیورٹی پر مامور لیویز اہلکاروں پر فائرنگ واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقعہ کی مکمل تحقیقات کرتے ہوئے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جا رہا ہے قاتل

افسوس واقعہ میں دو لیویز اہلکاروں کی شہادت کی اطلاعات ہے صوبائی حکومت پولیو مہم کو کسی صورت سبوتاژ ہونے نہیں دے گی سکیورٹی پر مامور شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں شہدا کی قربانیوں پر فخر ہے اقدامات کو مزید موثر بناتے ہوئے صوبہ بھر پولیو ٹیموں کی سکیورٹی کو بہتر کیا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ میں پولیو ٹیم کی سکیورٹی پر معمور لیویز اہلکاروں پر فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ لیویز اہلکاروں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر نہ صرف اپنی ذمہ داری نبھائی بلکہ پولیو ٹیم کی حفاظت کو یقینی بنایا، جو قابل تحسین اور قوم کے لیے فخر کا باعث ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے واضح کیا کہ دہشت گرد کسی رعایت کے مستحق نہیں، اور ان کے سہولت کاروں کو بھی کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کا ہر واقعہ امن کو سبوتاژ کرنے کی کوشش ہے۔ جسے ناکام بنایا جائے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | جمعہ 25 اپریل 2025ء بمطابق 26 شوال 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-112

# بھارت کی آبی جارحیت سے دوطرفہ کشیدگی میں تناؤ آئیگا، بلوچستان کے عوام ملکی دفاع میں ہر ممکن کردار ادا کرینگے، سرفراز بگٹی

**پاکستان نے ہمیشہ امن، استحکام اور علاقائی تعاون کو ترجیح دی ہے مگر بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنے کا اعلان ایک انتہائی اشتعال انگیز اور غیر ذمہ دارانہ عمل ہے**

**بھارت نے آبی جارحیت کے تحت پاکستان کا پانی روکنے یا رخ موڑنے کی کوشش کی تو اس سے دوطرفہ کشیدگی میں مزید تناؤ آئے گا اور یہ اقدام براہ راست اعلانِ جنگ تصور کیا جائے گا اور اس کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا**

**پاکستان کی فضائی حدود اور واہگہ بارڈر کی بندش، بھارت کے ساتھ ہر قسم کی تیسرے ملک کے ذریعے ہونے والی تجارت کی مکمل معطلی اور بھارتی ہائی کمیشن کے عملے میں کمی جیسے فیصلے ناگزیر ہو چکے تھے، وزیر اعلیٰ بلوچستان**

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں کیے گئے | اہم اور بروقت فیصلوں کو ملکی سلامتی و خودمختاری کے تحفظ کی جانب ایک (بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 2 پر)

فیصلہ کن اقدام قرار دیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (سابق ٹوئٹر) پر اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ امن، استحکام اور علاقائی تعاون کو ترجیح دی ہے مگر بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنے کا اعلان ایک انتہائی اشتعال انگیز اور غیر ذمہ دارانہ عمل ہے، جسے پوری پاکستانی قوم مسترد کرتی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ اگر بھارت نے آبی جارحیت کے تحت پاکستان کا پانی روکنے یا رخ موڑنے کی کوشش کی تو اس سے دوطرفہ کشیدگی میں مزید تناؤ آئے گا اور یہ اقدام براہ راست اعلانِ جنگ تصور کیا جائے گا اور اس کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔انہوں نے قومی سلامتی کمیٹی کے اس دوٹوک موقف کو سراہا کہ پاکستان کسی بھی قیمت پر اپنی قومی خودمختاری اور عوام کے بنیادی حقوق پر سمجھوتہ نہیں کرے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کی فضائی حدود اور واہگہ بارڈر کی بندش، بھارت کے ساتھ ہر قسم کی تیسرے ملک کے ذریعے ہونے والی تجارت کی مکمل معطلی، اور بھارتی ہائی کمیشن کے عملے میں کمی جیسے فیصلے ناگزیر ہو چکے تھے یہ اقدامات بھارت کی مسلسل جارحانہ پالیسیوں کے خلاف پاکستان کی خوددارانہ پالیسی کی عکاسی کرتے ہیں وزیر اعلیٰ نے بھارت کے شہریوں کو جاری تمام ویزوں کی منسوخی اور سارک کے تحت دیے گئے ویزوں کی تنسیخ کو ایک دانشمندانہ قدم قرار دیا جو قومی مفاد کے عین مطابق ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سالمیت، قومی وقار اور وسائل کے تحفظ کے لیے پوری قوم متحد ہے اور کسی بھی جارحیت کا مقابلہ کرنے کے لیے ہر وقت تیار ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور حکومت، قومی سلامتی کے فیصلوں میں وفاقی حکومت اور مسلح افواج کے ساتھ کھڑے ہیں اور ملکی دفاع میں ہر ممکن کردار ادا کریں گے

## اصلاحاتی عمل کے دوران محکمہ زکواۃ کے کسی ملازم کو بے روزگار نہیں کیا جائے گا، وزیر اعلیٰ بلوچستان

**زکواۃ کی رقم براہ راست اسٹیٹ بینک سے جاری ہو کر مستحق فرد کے ذاتی اکاؤنٹ میں منتقل ہو جائیگی**

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محکمہ زکواۃ کی تنظیم نو اور اصلاحات سے متعلق اعلیٰ سطح اجلاس چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں مستحقین تک مالی امداد شفاف اور بروقت انداز میں پہنچانے کے لئے مؤثر میکنزم پر غور کیا (بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 2 پر)

گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان کی سربراہی میں ایک جامع پلان مرتب کیا جائے گا جس میں محکمہ زکواۃ کی تنظیم نو، اصلاحات اور مؤثر حکمت عملی کے خدوخال شامل ہوں گے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ اصلاحاتی عمل کے دوران محکمہ زکواۃ کے کسی بھی ملازم کو بے روزگار نہیں کیا جائے گا، البتہ دستیاب افرادی قوت کو مؤثر انداز میں یوٹیلائز کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ہم ایسا نظام چاہتے ہیں جس کے تحت زکواۃ کی رقم براہ راست اسٹیٹ بینک سے جاری ہو کر مستحق فرد کے ذاتی اکاؤنٹ میں منتقل ہو جائے تاکہ کرپشن، کمیشن اور دفتری رکاوٹوں سے پاک ایک شفاف نظام قائم ہو وزیر اعلیٰ نے زکواۃ کی فراہمی میں تاخیر پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سالوں سے مستحق افراد زکواۃ سے محروم ہیں جو کہ انتہائی تشویش ناک امر ہے۔انہوں نے ہدایت دی کہ پیچیدہ دفتری عمل کے بجائے ایک سمارٹ اور ڈیجیٹل نظام کے ذریعے فوری اور براہ راست امداد یقینی بنائی جائے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایک ماہ کے اندر اندر جامع سفارشات مرتب کر کے منظوری کے لیے پیش کی جائیں گی اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے محکمہ زکواۃ کی ڈیجیٹلائزیشن پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں زکواۃ تقسیم کے عمل میں شفافیت لانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری مذہبی امور، زکواۃ و اوقاف محترمہ شہناز صادق عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری ٹو چیف منسٹر بابر خان، سیکرٹری زکواۃ و مذہبی امور محمد اسحاق جمالی اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محکمہ زکواۃ کی تنظیم نو و اصلاحات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 | جمعہ 25 اپریل 2025ء بمطابق 26 شوال 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 112


# بلوچستان میں محکمہ زکوٰۃ میں اصلاحات اور تنظیم نو کا فیصلہ رقم مستحقین کو ملے گی وزیراعلیٰ بلوچستان

وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیرصدارت اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد جس میں مستحقین زکواۃ تک مالی امداد شفافیت اور بروقت پہنچانے کے میکنزم پر غور کیا گیا

جدید ٹیکنالوجی کا استعمال وقت کی ضرورت ہے پیچیدہ دفتری عمل کے بجائے ایک سمارٹ اور ڈیجیٹل نظام سے امداد کی فراہمی ممکن بنائی جائے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (یواین اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت محکمہ زکوۃ کی تنظیم نو اور اصلاحات سے متعلق اعلیٰ سطح اجلاس چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں مستحقین تک مالی امداد شفاف اور بروقت انداز میں پہنچانے کے لئے موثر میکنزم پر غور کیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان کی سربراہی میں ایک جامع پلان مرتب کیا جائے گا جس میں محکمہ زکوۃ کی تنظیم نو، اصلاحات اور موثر حکمت عملی کے خدوخال شامل ہوں گے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ اصلاحاتی عمل کے دوران محکمہ زکو کے کسی بھی ملازم کو بے روزگار نہیں کیا جائے گا، البتہ دستیاب افرادی قوت کو موثر انداز میں یوٹیلائز کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایسا نظام چاہتے ہیں جس کے تحت زکو کی رقم براہ راست اسٹیٹ بینک سے جاری ہوکر مستحق فرد کے ذاتی اکاونٹ میں منتقل ہوجائے تاکہ کرپشن، کمیشن اور دفتری رکاوٹوں سے پاک ایک شفاف نظام قائم ہو وزیراعلیٰ نے زکو کی فراہمی میں تاخیر پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سالوں سے مستحق افراد زکو سے محروم ہیں جو کہ انتہائی تشویش ناک امر ہے انہوں نے ہدایت دی کہ پیچیدہ دفتری عمل کے بجائے ایک سمارٹ اور ڈیجیٹل نظام کے ذریعے فوری اور براہ راست امداد یقینی بنائی جائے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایک ماہ کے اندراندر جامع سفارشات مرتب کر کے منظوری کے لیے پیش کی جائیں گی اس موقع پر وزیراعلیٰ نے محکمہ زکوۃ کی ڈیجیٹلائزیشن پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں زکوۃ تقسیم کے عمل میں شفافیت لانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری مذہبی امور، زکو و اوقاف محترمہ شہناز صادق عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری ٹو چیف منسٹر بابر خان، سیکرٹری زکو و مذہبی امور محمد اسحاق جمالی اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی

# قومی سلامتی کمیٹی کے بروقت فیصلے ملکی خودمختاری کیلئے فیصلہ کن اقدام ہے، سرفراز بگٹی

پاکستان نے ہمیشہ امن استحکام اور علاقائی تعاون کو ترجیح دی ہے مگر بھارت کی طرف سے سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنے کا اعلان اشتعال انگیز ہے

پاکستان کی سالمیت قومی وقار اور وسائل کے تحفظ کیلئے پوری قوم متحد ہے وزیراعلیٰ بلوچستان کا سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر پیغام

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں کیے گئے اہم اور بروقت فیصلوں کو ملکی سلامتی و خودمختاری کے تحفظ کی جانب ایک فیصلہ کن اقدام قرار دیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس) سابق ٹوئٹر) پر اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ امن، استحکام اور علاقائی تعاون کو ترجیح دی ہے مگر بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنے کا اعلان ایک انتہائی اشتعال انگیز اور غیر ذمہ دارانہ عمل ہے، جسے پوری پاکستانی قوم مسترد کرتی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ اگر بھارت نے آبی جارحیت کے تحت پاکستان کا پانی روکنے یا رخ موڑنے کی کوشش کی تو اس سے دوطرفہ کشیدگی میں مزید تناؤ آئے گا اور یہ اقدام براہ راست اعلان جنگ تصور کیا جائے گا اور اس کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ل انہوں نے قومی سلامتی کمیٹی کے اس دوٹوک موقف کو سراہا کہ پاکستان کسی بھی قیمت پر اپنی قومی خودمختاری اور عوام کے بنیادی حقوق پر سمجھوتہ نہیں کرے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کی فضائی حدود اور واہگہ بارڈر کی بندش، بھارت کے ساتھ ہر قسم کی تیسرے ملک کے ذریعے ہونے والی تجارت کی مکمل معطلی، اور بھارتی ہائی کمیشن کے عملے میں کمی جیسے فیصلے ناگزیر ہو چکے تھے یہ اقدامات بھارت کی مسلسل جارحانہ پالیسیوں کے خلاف پاکستان کی خودداری پالیسی کی عکاسی کرتے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محکمہ زکواۃ کی تنظیم نو و اصلاحات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 — جمعہ 25 اپریل 2025ء 26 شوال 1446ھ — صفحات 6 — قیمت 20 روپے — شمارہ 113

# پاکستان قومی خودمختاری، عوام کے بنیادی حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا

وزیر اعلیٰ بلوچستان

## پاکستان کی سلامتی، قومی وقار اور وسائل کے تحفظ کے لیے پوری قوم متحد ہے اور کسی بھی جارحیت کا مقابلہ کرنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہے

## بلوچستان میں زکوٰۃ تقسیم کے عمل میں شفافیت لانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں کیے گئے اہم اور بروقت فیصلوں کو ملکی سلامتی و خودمختاری کے تحفظ کی جانب ایک فیصلہ کن اقدام قرار دیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (سابق ٹوئٹر) پر اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ امن، استحکام اور علاقائی تعاون کو ترجیح دی ہے مگر بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنے کا اعلان ایک انتہائی اشتعال انگیز اور غیر ذمہ دارانہ عمل ہے، جسے پوری پاکستانی قوم مسترد کرتی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ اگر بھارت نے آبی جارحیت کے تحت پاکستان کا پانی روکنے یا رخ موڑنے کی کوشش کی تو اس سے دو طرفہ کشیدگی میں مزید تناؤ آئے گا اور یہ اقدام براہ راست اعلانِ جنگ تصور کیا جائے گا اور اس کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ل انہوں نے قومی سلامتی کمیٹی کے اس دوٹوک موقف کو سراہا کہ پاکستان کسی بھی قیمت پر اپنی قومی خودمختاری اور عوام کے بنیادی حقوق پر سمجھوتہ نہیں کرے گا۔



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی محکمہ زکوٰۃ کی تنظیم نو و اصلاحات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan T
92 NEWS MEDIA GROUP
balochistantimes.pk
Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1079 QUETTA Friday April 25, 2025

# Decisions of NSC positive sign for country's protection: Bugti

**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti on Thursday termed the important and timely decisions taken in the National Security Committee meeting as a decisive step towards protecting the country's security and sovereignty.

In a message on social networking site X (formerly Twitter), Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti said that Pakistan has always prioritized peace, stability and regional cooperation

but India's announcement to suspend the Indus Water Treaty (IWT) is a highly provocative and irresponsible act which the entire Pakistani nation rejects.

The CM said that if India tries to stop or divert Pakistan's water under water aggression, it would further escalate bilateral tensions and this move could be considered a direct declaration of war and it to be given a befitting reply. He appreciated the National Security Committee's categorical stance that Pakistan would not allow any cost to be used against Pakistan, but could not compromise on its national sovereignty and the fundamental rights of the people.

CamScanner

## سڑکوں اور پلوں کی دیکھ بھال صحیح انداز میں کی جائے، سلیم کھوسہ

### روڈ کی تعمیر سے قبل سیوریج نظام کو محفوظ اور موثر بنائیں، اجلاس میں ہدایات

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کی زیر صدارت صوبے کی سڑکوں اور پلوں کی دیکھ بھال اور مرمت کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں سیکرٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر سیکرٹری خزانہ عمران زرکون ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ ریٹائرڈ سعد بن اسد ڈیولپمنٹ آفیسر کوئٹہ ظہور احمد سپرنٹنڈنگ انجینئرز اور محکمہ مواصلات و تعمیرات کے اعلیٰ حکام بھی موجود تھے اجلاس کو صوبے بالخصوص کوئٹہ شہر کی تمام سڑکوں اور پلوں کی موجودہ حالت کے بارے میں مکمل تفصیلی بریفنگ دی گئی اور بتایا گیا کی کس طرح روڈز کی تعمیر میں اوور لیپنگ سے بچا جا سکتا ہے اور اسکے علاوہ روڈز کی کوالٹی کو دیر تک محفوظ رکھنے کے لیے سیوریج سسٹم میں بہتری لانے اور مین ہولز کی مرمت اور دیکھ بھال کرنے سے ہی روڈز ٹوٹ پھوٹ سے محفوظ رہ سکتے ہیں شہر کے تمام پلوں کی مرمت اور دیکھ کے حوالے سے بھی تجاویز پیش کی گئی صوبائی وزیر نے کہا کہ صوبے کی سڑکوں اور پلوں کی مرمت اور دیکھ بھال صحیح انداز میں کی جائے مختلف محکموں کے مابین اوور لیپنگ گڈ گورننس میں بڑی رکاوٹ ہیں اگر محکمے اپنے اپنے دائرہ کار میں رہ کر اپنے فرائض انجام دیں تو بہت سے مسائل خود بخود ختم ہو جائیں شہری علاقوں میں روڈز مکمل ہونے کے بعد مکمل طور پر اس روڈ کو میٹروپولٹن کے حوالے کیا جائے اور اس روڈ کی دیکھ بھال اور مرمت بھی ان ہی کے ذمے دی جائیں صوبائی وزیر نے سیوریج کے حوالے سے بھی متعلقہ حکام کو ہدایات دیں کہ جو بھی روڈ منصوبہ شروع کریں سب سے پہلے اس روڈ کے سیوریج کے نظام کو تقریباً پندرہ سال کے لیے محفوظ اور موثر بنائیں۔

## قومی سلامتی کمیٹی کے فیصلے بھارت کو منہ توڑ جواب ہیں، صوبائی وزراء

### بھارت کو الزام تراشی اور پہلگام جیسے واقعات کا استحصال کرنے سے باز رہنا چاہیے، سلیم کھوسہ، عاصم گیلو، زرک مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ، صوبائی وزیر میر ہ اصم کرد گیلو، رکن اسمبلی شیخ زرک مندوخیل نے کہا ہے کہ قومی سلامتی کمیٹی کے فیصلے بھارت کو منہ توڑ جواب اور پوری قوم کے عزم کی ترجمانی کرتے ہیں، بھارت کو اپنے سیاسی ایجنڈے کو آگے بڑھانے کے لیے الزام تراشی اور پہلگام جیسے واقعات کا منظم طریقے سے استحصال کرنے سے باز رہنا چاہیے، اس طرح کے ہتھکنڈے صرف کشیدگی کو بڑھاتے ہیں اور خطے میں امن و استحکام کی راہ میں رکاوٹ بنتے ہیں، یہ بات انہوں نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہی۔ مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں نے کہا کہ بھارت سندھ طاس معاہدے سے نکلنے کی کوشش کر رہا ہے لیکن یہ ممکن نہیں ہے، پاک فوج کسی بھی بھارتی جارحیت کا جواب دینے کے لئے تیار ہے، ملکی دفاع کے لئے پوری قوم پاک افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہوئی ہے، بھارت کا سندھ طاس معاہدے معطل کرنا آبی جنگ کے مترادف ہے عالمی قوتیں اسکا نوٹس لیں۔ بھارت اپنی نیت اچھی کرے بھارت کا فالس فلیگ آپریشن کا مقصد پاکستان کو بدنام کرنے کی ذہنی پسماندگی ہے بھارت اپنی بھونڈی پالیسیوں کی اصلاح کرے۔

## علی حسن زہری کی جام کمال سے ملاقات، مل کر کام کرنے پر اتفاق

### علاقائی ایشوز، ترقیاتی امور اور بلوچستان کے زمینداروں کو کسان کارڈ کے اجراء سے متعلق گفتگو کی گئی

کوئٹہ (پ ر) ترجمان صدر مملکت آصف علی زرداری برائے بلوچستان صوبائی وزیر زراعت کوآپریٹو بلوچستان میر علی حسن زہری نے اسلام آباد میں وفاقی وزیر برائے انڈسٹریز اینڈ کامرس جام کمال خان کے ساتھ ملاقات کی اور بلوچستان کی ترقی کے لیے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا ملاقات میں علاقائی ایشوز اور ترقیاتی امور بلوچستان کے [زمیند]اروں کو کسان کارڈ کے اجراء سے متعلق بات [چیت] کی گئی اور وفاقی وزیر جام کمال نے صوبائی وزیر نے صوبائی وزیر میر علی حسن زہری کی بلوچستان میں زرعی شعبے کی ترقی کے لیے کوششوں اور ضلع حب میں ترقیاتی کاموں سے متعلق وژن کو سراہا جام کمال خان عالیانی نے صوبائی وزیر میر علی حسن زہری کو یقین دہانی کرائی کہ علاقائی ترقی کے لیے مشترکہ کام کرینگے صوبائی وزیر میر علی حسن زہری نے ضلع حب اور بلوچستان کی ترقی کیلئے جام کمال کے تعاون اور وژن کو دوررس نتائج کا حامل قرار دیا۔

## ریلوے کالونی میں پانی کی فراہمی کیلئے اقدامات کرینگے، لیاقت لہڑی

### علاقے میں صفائی اور صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی اشد ضروری ہے، گفتگو

کوئٹہ (اے پی پی) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی نے کہا ہے کہ ریلوے کالونی میں پینے کے پانی کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات کرینگے کالونی میں مختلف محکموں کی معاونت سے عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کام کرینگے یہ بات انہوں نے پاکستان ریلوے کوئٹہ کے ڈی ایم او اور ایس ڈی او واسا سے ملاقات اور ریلوے کالونی کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر عاطف خان یوسف زئی عابد ناروئی الیاس یوسف زئی ظہور رند احسان عقیل یوسف زئی بھی میر لیاقت علی لہڑی کے ہمراہ تھے بعد ازاں میر لیاقت لہڑی نے ریلوے ہسپتال کا دورہ کیا انھوں نے کہا کہ ریلوے کالونی میں صفائی اور صحت کی بنیادی سہولیات کی اشد ضرورت ہے۔

## زراعت اور مائننگ کا فروغ ترجیحات میں شامل ہے، شعیب نوشیروانی

### شمسی توانائی کیلئے اقدامات بنجر زمین کو زیر کاشت لانے میں معاون ہونگے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت زراعت اور معدنیات کے ایس این ای اور آنے والے بجٹ کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا جس میں سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، اسپیشل سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ اور محکمہ خزانہ کے دیگر حکام بھی موجود تھے صوبائی وزیر خزانہ نے کہا کہ زراعت اور معدنیات کے محاصل صوبے کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں ان شعبوں میں لوگوں کی کثیر تعداد کا ذریعہ معاش وابستہ ہے جس کی بہتری کیلئے کوشاں ہیں زرعی شعبے میں پانی کی قلت دور کرنے کیلئے شمسی توانائی کے لئے حکومت نے انقلابی اقدامات اٹھائے ہیں جو زیادہ بنجر زمین کو زیر کاشت لانے میں معاون ثابت ہونگے نئے آنے والے بجٹ میں زراعت اور مائننگ کا فروغ ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔

## ملک کے تحفظ کیلئے عوام اداروں کے ساتھ ہیں، سردار کھیتران

### قومی سلامتی کمیٹی کا فیصلہ قومی وقار کے مطابق اور جرأت مندانہ قدم ہے، بیان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے قومی سلامتی کمیٹی کے فیصلے کو سراہتے ہوئے اسے ملکی خودمختاری، قومی وقار اور سلامتی کے تحفظ کی جانب بروقت، مدبرانہ اور جرات مندانہ قدم قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ ایسے فیصلے نہ صرف قومی مفادات کی بھرپور ترجمانی کرتے ہیں بلکہ یہ ملک دشمن عناصر کو بھی واضح پیغام دیتے ہیں کہ پاکستان کی سرزمین کی حرمت اور سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ علاقائی اور عالمی حالات کے تناظر میں قومی سلامتی کمیٹی کا مؤقف قومی امنگوں کا عکاس ہے جو ثابت کرتا ہے کہ پاکستان کی قیادت اپنی ذمہ داریوں سے بخوبی آگاہ ہے اور ملکی سلامتی پر کسی قسم کی مصلحت یا دباؤ کو قبول نہیں کرے گی بلوچستان کے عوام ہر محاذ پر متحد اور پرعزم ہیں اور بھارتی اشتعال انگیزی کے خلاف ایک مضبوط دیوار کی مانند کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اپنے وطن کے تحفظ، استحکام اور خودمختاری کے لیے افواج پاکستان اور قومی اداروں کے شانہ بشانہ ہیں، اور ہر قسم کی قربانی کے لیے تیار ہیں۔

## بلامقابلہ امیدواروں کی کامیابی عوامی اعتماد کا مظہر ہے، ظہور بلیدی

### شے چنگیز برکت اور خیال ہوتمان کی جیت پیپلز پارٹی کی پالیسیوں کا ثمر ہے، بیان

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور احمد بلیدی نے شے چنگیز برکت بلوچ کو یونین کونسل ناگ زعمران اور خیال ہوتمان بلوچ کو یونین کونسل بالگتر کا بلامقابلہ چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے ان کی کامیابی کو پیپلز پارٹی کی عوام دوست پالیسیوں کا ثمر قرار دیا صوبائی وزیر نے بیان میں کہا کہ بلامقابلہ امیدواروں کی کامیابی عوام کا پی پی پی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت پر بڑھتی ہوئی اعتماد کا مظہر ہے صوبائی وزیر نے امید ظاہر کی ہے کامیاب امیدوار نچلی سطح پر عوامی مسائل کی نشاندہی اور ان کی حل میں مثبت کردار ادا کرینگے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 — Dated: 25 APR 2025 — Page No. 11


## منشیات فروشوں کی سرکوبی کیلئے وسائل بروئے کار لارہے ہیں' محمد خان لہڑی

### مسلم لیگ (ن) بلوچستان کی ترقی وخوشحالی میں مثبت کردار ادا کررہی ہے' صوبائی وزیر ایکسائز

بی (اے این این) صوبائی وزیر ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ انٹی نارکوٹیکس بلوچستان و پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما میر محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ صوبے بھر میں منشیات کی روک تھام اور منشیات فروشوں کی سرکوبی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لارہے ہیں پاکستان مسلم لیگ ن مہنگائی بے روزگاری کے خاتمہ کے ساتھ ساتھ ملکی معاشی صورت ..........

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

حال کو بہتر بناتے ہوئے ملک کی ترقی عوام کی خوشحالی کے لئے اول دستے کا رول پلے کرتے ہوئے بلوچستان کی ترقی خوشحالی میں مثبت کردار ادا کررہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر بی پریس کلب کے سرپرست اعلیٰ میاں محمد یوسف، رجبنل یونین آف جرنلسٹس کے صوبائی صدر سید طاہر علی صوبائی سینئر نائب صدر میر ظہور احمد گمسی بھی موجود تھے صوبائی وزیر ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ انٹی نارکوٹیکس بلوچستان میر محمد خان لہڑی کا کہنا تھا کہ صوبے بھر میں منشیات کی اسمگلنگ کی روک تھام کے ساتھ ساتھ منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے بلوچستان کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے بھرپور اقدامات کررہے ہے منشیات نوجوانوں کو دیمک کی طرح چاٹ کر ان کی صلاحیتوں کو تباہ و برباد کررہی ہے

## موسمیاتی تبدیلی کا حل ہمارے اختیار میں ہے صوبائی مشیر کلائمٹ چینج و ماحولیات

### پاکستان، خاص طور پر بلوچستان موسمیاتی تبدیلی کے محاذ پر کھڑا ہے بین الاقوامی یوم ارتھ تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے کلائمیٹ چینج و ماحولیات، نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کہا ہے کہ ہمیں اپنے سیارے میں سرمایہ کاری کرکے اپنے مستقبل کو محفوظ بنانا ہوگا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار انسٹی ٹیوٹ فار انوائرمنٹل سسٹینیبلیٹی اینڈ انوویشن اور ماؤنٹ ووو ٹیکنالوجیز پارک کے اشتراک سے منعقدہ بین الاقوامی یوم ارتھ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ اس سال کا تھیم "ہماری طاقت، ہمارا سیارہ" ہمیں ..........

بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

یاد دلاتا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کا حل ہمارے اختیار میں ہے اس عالمی مسئلے کا حل صرف اجتماعی کوششوں سے ممکن ہے ہمیں آلودہ ایندھن کے استعمال کو ختم کرکے شمسی توانائی، ہوا، اور پن بجلی جیسے صاف اور قابلِ تجدید توانائی ذرائع کو اپنانا ہوگا۔ نسیم الرحمٰن ملاخیل نے کہا کہ پاکستان، خاص طور پر بلوچستان، موسمیاتی تبدیلی کے محاذ پر کھڑا ہے اور اس کے خطرناک اثرات جیسے شدید سیلاب، طویل خشک سالی، شدید گرمی کی لہریں اور گلیشیرز کے پگھلاؤ جیسے مسائل کا سامنا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ارتھ ڈے ایک موقع ہے کہ ہم ان بڑھتے ہوئے خطرات پر سنجیدگی سے غور کریں اور تمام اسٹیک ہولڈرز بشمول حکومت، سول سوسائٹی، نوجوان، اور نجی شعبے کو ساتھ ملا کر ماحول دوست اقدامات کو تیز کریں۔

INTEKHAB QUETTA

## قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ ممکن نہیں، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

### قومی سلامتی کے فیصلے پوری قوم کے جذبات کی عکاسی کرتے ہیں، بیان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بلوچستان ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے قومی سلامتی کمیٹی کے حالیہ فیصلوں کو پاکستان کی خودمختاری، سالمیت اور قومی وقار کے تحفظ کی جانب اہم سنگِ میل قرار دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں ڈاکٹر ربابہ نے کہا کہ ملک کی قیادت نے جس تدبر اور بصیرت کے ساتھ بھارتی اشتعال انگیزیوں کا جواب دینے کے لیے بروقت فیصلے کیے ہیں، وہ پوری

بقیہ نمبر 20 صفحہ 5 پر

قوم کے جذبات کی عکاسی کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کی معطلی کا بھارتی اعلان نہ صرف عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہے بلکہ خطے کے امن کو خطرے میں ڈالنے کی دانستہ کوشش ہے، جسے پاکستان نے دانشمندی سے مسترد کرکے ایک اصولی اور ذمہ دار ریاست ہونے کا ثبوت دیا ہے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ بھارتی پروازوں کے لیے فضائی حدود کی بندش، واہگہ بارڈر کی فوری بندش، اور بھارت کے ساتھ تیسرے ملک کے ذریعے ہونے والی ہر قسم کی تجارت کا خاتمہ، ایسے فیصلے ہیں جو قومی مفاد میں ناگزیر ہو چکے تھے۔ انہوں نے کہا کہ قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ ممکن نہیں اور ان فیصلوں سے یہ پیغام گیا ہے کہ پاکستان اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر سطح پر پرعزم ہے صوبائی مشیر نے پاکستان میں بھارتی ہائی کمیشن کے عملے کی محدودگی، ویزوں کی منسوخی اور سارک کے تحت جاری تمام بھارتی ویزوں کی تنسیخ کو بھی ایک سنجیدہ سفارتی پیغام قرار دیا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 — Dated: 25 APR 2025 — Page No. 12


## محکمہ تعلیم کی بے حسی کرایہ ادا نہ کرنے پر مالک نے گرلز مڈل سکول ابراہیم زئی کو تالہ لگا دیا

محکمہ تعلیم کے حکام کو کئی مرتبہ کرائے کی عدم ادائیگی کے بارے میں آگاہ کیا لیکن افسران ٹس سے مس نہ ہی کوئی شنوائی ہوئی' مالک

سکول بند ہونے کا صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے فوری نوٹس لے لیا' مالک سے رابطہ' کرایہ بھی اپنی جیب سے ادا کرنے کا اعلان کیا

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ بروری روڈ پر واقع گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول کلی ابراہیم زئی کو اس وقت شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا جب عمارت کے مالک نے محکمہ تعلیم کی جانب سے طویل عرصے سے کرایہ ادا نہ کئے جانے پر طالبات و اساتذہ کو باہر نکال کو اسکول کو تالہ لگا دیا عمارت کے مالک کا کہنا ہے کہ وہ کئی مرتبہ محکمہ تعلیم کے متعلقہ حکام کو کرائے کی عدم ادائیگی کے بارے میں آگاہ کر چکے ہیں۔........

بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

لیکن کسی نے شنوائی نہیں ہوئی ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ معاہدے کے تحت محکمہ تعلیم کی جانب سے ان کے گھر کے ایک فرد کو ملازمت دینے کی یقین دہانی کرائی گئی تھی مگر وہ وعدہ بھی وفا نہ ہوسکا واقعہ کے بعد صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے فوری طور پر عمارت کے مالک سے رابطہ کیا اور اسکول کا کرایہ اپنی ذاتی جیب سے ادا کرنے کی یقین دہانی کرائی وزیر صحت کا کہنا تھا کہ تعلیم اور صحت حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں

## بلوچستان بھر میں انسداد پولیو مہم چوتھے روز بھی جاری

مہم میں 26 لاکھ 60 ہزار بچوں کو پولیو ویکسین پلائی جائے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں انسداد پولیو مہم چوتھے روز بھی جاری رہی۔ پولیو ایمرجنسی سینٹر کے مطابق مہم میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے سمیت حفاظتی ٹیکے لگائے جا رہے ہیں، مہم میں 26 لاکھ 60 ہزار بچوں کو پولیو ویکسین پلائی

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

جائے گی، انسداد پولیو مہم میں گیارہ ہزار میڈیکل ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں، انسداد پولیو مہم سات روز تک جاری رہے گی۔

## ضابطہ فوجداری کے تحت کارروائیوں کا آغاز 107 تندور سیل 92 نانبائی جیل منتقل

ضلعی انتظامیہ کا کریک ڈاؤن سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کرنے والے 168 نانبائیوں کو گرفتار کیا

کچلاک میں 18 تندور سیل کر دیئے، روٹی کے سرکاری نرخ پر عمل یقینی بنایا جائے، افسران کو ہدایت جاری

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ نے شہر بھر میں روٹی کی قیمت اور وزن میں کمی کے خلاف سخت کریک ڈاؤن شروع کرتے ہوئے ضابطہ فوجداری کے تحت بڑی کارروائی کی ہے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے مختلف علاقوں میں تندوروں کا.........

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

معائنہ کیا گیا، جس کے دوران سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کرنے والے نانبائیوں کے خلاف سخت ایکشن لیا گیا۔ کارروائی کے دوران 107 تندور سیل کیے گئے۔ 168 نانبائیوں کو گرفتار کرکے 92 نانبائیوں کو جیل منتقل کر دیا گیا۔ اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے کہا کہ عوام کو سرکاری نرخوں پر روٹی کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی، اور کسی قسم کی بلیک میلنگ یا منافع خوری برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز اور اسپیشل مجسٹریٹس کو روزانہ کی بنیاد پر چیکنگ اور کارروائی کرنے کی ہدایت جاری کی ہے۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) کیپٹن عبداللہ بن عارف اور مجسٹریٹ احسام الدین نے کارروائیاں کرتے ہوئے 57 تندور سیل کیے، جبکہ 51 نانبائیوں کو گرفتار کرکے جیل بھجوا دیا گیا۔

## شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی کے منصوبوں پر کام جاری ہے، کمشنر نصیر آباد

منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے، تمام اسکیمات کو مقررہ وقت پر مکمل کرکے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے

جاری منصوبے عوامی فلاح و بہبود کے لیے ہیں اور ان کی بروقت تکمیل سے شہریوں کو بنیادی سہولت میسر آئیں گی، معین خان

عوامی فلاح اور بہتری ہر منصوبے کا بنیادی مقصد ہونا چاہیے، گلیوں کی تعمیر کے کام کی رفتار تیز کی جائے، افسران سے بات چیت

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد معین الرحمن خان کی زیر صدارت ڈویژن بھر میں جاری پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا اس حوالے سے آج کمشنر نصیر آباد ڈویژن معین الرحمن خان کی زیر صدارت پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) ڈیپارٹمنٹ کے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈویژن بھر کے ایکسین پی ایچ ای جن میں ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئر نصیر آباد حفیظ الرحمن ہاشمی، ایکسین جعفر آباد کاظم لونی،، ایکسین استا محمد محمد احسن بشیر، سمیت کچھی، صحبت پور، اور جھل مگسی شامل ہیں نے شرکت کی اور اپنے اپنے متعلقہ اضلاع میں جاری ترقیاتی امور و واٹر سپلائی اسکیموں سمیت درپیش مسائل پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر معین الرحمن خان نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے شہریوں کو پینے کا صاف پانی فراہم کرنے کے لیے مختلف ترقیاتی منصوبے شروع کیے گئے ہیں، جن کا مقصد عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تمام اسکیمات کو مقررہ وقت پر مکمل کرکے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔ کمشنر نے کہا کہ حکومت کی جانب سے جاری منصوبے عوامی فلاح و بہبود کے لیے ہیں اور ان کی بروقت تکمیل سے شہریوں کو زندگی کی بنیادی سہولت میسر آئے گی۔ اجلاس میں مختلف اسکیمات کی رفتار، مالی رکاوٹیں، تکنیکی مسائل اور ممکنہ حل پر بھی غور کیا گیا۔ دریں اثناء۔ کمشنر نصیر آباد معین الرحمن خان کی زیر صدارت لوکل گورنمنٹ کے افسران کا اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں میں معیار اور شفافیت پر زور دیا گیا واضح رہے کہ آج کمشنر نصیر آباد ڈویژن معین الرحمن خان کی زیر صدارت لوکل گورنمنٹ افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ نصیر آباد غلام سرور عمرانی محمد ارسلان، سیعد احمد، رحمت اللہ جھکرانی، محمد اسماعیل و دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈویژن بھر میں اربن اور رورل علاقوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر تمام ضلعی افسران نے اپنے محکمے کی جانب سے جاری و مکمل ہونے والے منصوبوں کے متعلق فرداً فرداً تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر معین الرحمن خان نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ قابل قبول نہیں ہوگا، انہوں نے ہدایت کی کہ گلیوں کی تعمیر کے دوران سطح بندی (لیولنگ) کا خاص خیال رکھا جائے تاکہ نکاسی آب کا مؤثر نظام قائم رہے اور بارش یا استعمال شدہ پانی سڑکوں پر نہ پھیلے مزید کہا کہ روڈز کی تعمیر کے دوران ان کے شولڈرز پر خصوصی توجہ دیں۔

## بلوچستان پولیس کمپیوٹرائزیشن کے جدید دور میں داخل ہوچکی ہے، معظم جاہ انصاری

کم وسائل کے باوجود دہشتگردی ختم کرکے امن کی بحالی کیلئے متحرک کردار ادا کر رہے ہیں، آئی جی

کوئٹہ (خ ن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری نے کہا ہے کہ عوام کو بہتر سے بہتر سہولیات دینے کیلئے بلوچستان پولیس کا ریکارڈ جدید ٹیکنالوجی سے منسلک کیا جاچکا ہے جو کہ محکمے کی کارکردگی میں معاون اور مددگار ثابت ہوگا اور اس سے جرائم کا خاتمہ ممکن ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری نے کمانڈنٹ نیشنل پولیس اکیڈمی اسلام آباد محمد ادریس خان سے سینٹرل پولیس آفس میں ملاقات کرتے ہوئے..........

بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس کم وسائل کے باوجود صوبے میں امن و امان کی بہتری اور جرائم پیشہ عناصر سمیت دہشتگردی کا قلع قمع کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔ امن و امان کے قیام کو مزید بہتر بنانے اور چیلنجز سے نمٹنے کیلئے بلوچستان پولیس کو جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2

Dated: 25 APR 2025

Page No. 13

## قلات دھماکے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس، حکومتی ترجمان

### واقعہ کی مذمت، دہشتگردی میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائیگا، شاہد رند

کوئٹہ (خ ن) ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے قلات کے علاقے چوری بر کہنو میں نجی گاڑی کے بارودی سرنگ سے ٹکرانے کے واقعے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان اس دہشتگردی کے واقعے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتی ہے واقعہ میں جے یو آئی کے رہنما اور وارڈ کونسلر عبداللہ سمیت تین افراد جاں بحق جبکہ پانچ شہری زخمی ہوئے جنہیں فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال قلات منتقل کر دیا گیا ترجمان نے بتایا کہ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی لیویز فورس موقع پر پہنچ گئی اور امدادی سرگرمیوں کا آغاز کیا حکومت بلوچستان زخمیوں کو فوری اور بہتر طبی سہولیات فراہم کر رہی ہے جبکہ واقعے کی مکمل تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے گا اور (باقی صفحہ 5 نمبر 43)

دہشتگردی میں ملوث عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا، شاہد رند نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کو سبوتاژ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور ایسے واقعات سے حکومت کے عزم میں کوئی کمی نہیں آئے گی۔

## صوبائی محتسب کا جناح ٹاؤن میں نجی سکول کا دورہ

### تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیا، کارکردگی کو سراہا، تعاون کی یقین دہانی کرائی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی محتسب بلوچستان نے جناح ٹاؤن کوئٹہ میں واقع دی کرنیکل مائنڈز سکول کا دورہ کیا تاکہ تعلیمی معیار کی بہتری کے لئے جاری اقدامات کا جائزہ لیا جا سکے اور مثبت تعلیمی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔ دورے کے دوران محتسب نے اسکول کی جدید کلاس رومز، سائنس اور اے آئی لیبز، اور فن لینڈ کے تعلیمی ماڈل سے متاثر سیکھنے کے ماحول کا مشاہدہ کیا۔ اس دورے کا مقصد ان اداروں کو سراہنا تھا جو بچوں کے مرکز پر مبنی تعلیم اور تعلیمی جدت کو فروغ دے رہے ہیں۔ اس موقع پر اسکول کی مینیجنگ ڈائریکٹر سکواڈرن لیڈر (ریٹائرڈ) دانیا حسن بگٹی، اساتذہ اور دیگر عملے نے صوبائی محتسب کا استقبال کیا اور اسکول کے وژن پر روشنی ڈالی۔ طلبہ اور اساتذہ سے ملاقات کے دوران اسکول کے اقدار پر مبنی، تخلیقی اور ہمدردی کو فروغ دینے والے ماحول کا مشاہدہ کیا گیا۔ صوبائی محتسب نے اس موقع پر کہا یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ کوئٹہ میں ایک ایسا تعلیمی ادارہ موجود ہے جو ترقی پسند اور جدید تعلیم کو فروغ دے رہا ہے۔ دی کرنیکل مائنڈز اسکول نے معیاری اور جامع تعلیم کے میدان میں ایک مثال قائم کی ہے۔ ہم ان کی کوششوں کو سراہتے ہیں اور بچوں کی بہتری کو اولین ترجیح دینے والے اداروں کی مکمل حمایت جاری رکھیں گے۔

## ہائیکورٹ نے کیو ڈی اے کو نجی دکانیں گرانے سے روک دیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ نے کیو ڈی اے کو پرانی سبزی منڈی میں نجی دکانیں گرانے سے روک دیا ہے۔ بلوچستان ہائی کورٹ میں پرانی سبزی منڈی کی دکانیں گرانے کے خلاف درخواست پر سماعت قائمقام چیف جسٹس ہائی کورٹ جسٹس اعجاز سواتی اور جسٹس عامر نواز رانا پر مشتمل بنچ نے کی۔ دوران سماعت دو رکنی بنچ نے کیو ڈی کو نجی دکانیں گرانے سے روک دیا۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ نجی دکانیں گرانے کی بجائے سرکاری اراضی پر روڈ تعمیر کیے جائیں۔ جہاں ضرورت ہو وہاں نجی پراپرٹی کو مسمار کیا جائے۔ عدالت نے کیو ڈی اے سے اگلی پیشی پر تفصیلی رپورٹ طلب کر لی ہے جبکہ سماعت 28 اپریل تک ملتوی کر دی گئی۔

INTEKHAB QUETTA

## مالی نظم و نسق کی بہتری کیلئے محکمہ خزانہ بلوچستان کے اصلاحاتی اقدامات کا آغاز

### غیر فعال عملے کی چھانٹی 71 ملازمین کو محکمہ خزانہ سے واپس سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ بھیج دیا گیا

کوئٹہ (خ ن) محکمہ خزانہ بلوچستان نے مالی نظم و نسق کو بہتر بنانے اور سرکاری وسائل کے مؤثر استعمال کو یقینی بنانے کے لیے جامع اور انقلابی اصلاحاتی اقدامات کا آغاز کر دیا ہے۔ بجٹ کی تیاری کے دوران مؤثر حکمتِ عملی اپناتے ہوئے محکمے نے کارکردگی کے معیار کو بلند کرنے کے لیے فیصلہ کن اقدامات کیے ہیں۔ سیکرٹری خزانہ عمران زرکون کی زیرِ نگرانی کی گئی اس اصلاحاتی مہم میں غیر ضروری اور غیر فعال عملے کی چھانٹی کرتے ہوئے 71 ملازمین کو محکمہ خزانہ سے واپس سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ (S&GAD) بھیج دیا گیا ہے۔ ان ملازمین کی موجودگی محکمے کی کارکردگی پر منفی اثر ڈال رہی تھی۔ محکمہ خزانہ کے مطابق یہ فیصلے میرٹ، شفافیت اور پیشہ ورانہ معیار کو مدِنظر رکھتے ہوئے کیے گئے ہیں۔ ان اقدامات کا مقصد محکمانہ نظم و ضبط کو بہتر بنانا اور بجٹ سازی جیسے اہم قومی عمل کو زیادہ مؤثر اور شفاف بنانا ہے۔ محکمہ خزانہ کی بقیہ نمبر 1 صفحہ 5 پر

جانب سے یہ اقدامات اصلاحاتی عمل کی جانب ایک مثبت پیش رفت تصور کیے جا رہے ہیں، جو آنے والے دنوں میں مالیاتی نظم و ضبط کے قیام میں اہم سنگِ میل ثابت ہوں گے۔

# ...ہدے معطل کرنے کا حق رکھتے نائب وزیراعظم بھارتی ناظم الامور کی دفتر خارجہ طلبی پاکستان کے جوابی اقدامات سے آگاہ ڈی مارش کیا گیا

# ...لان جنگ ہوگی، پوری قوت سے جواب دیں گے قومی سلامتی کمیٹی

بھارت کیلئے فضائی حدود تجارت

واہگہ بارڈر بند بھارتی شہریوں

دفاعی اتاشیوں کو

ملک چھوڑنے کا حکم

## ...بھارتی دفاعی، نیول، فضائی ایڈوائزر ناپسندیدہ شخصیات قرار، ہائی کمیشن کے عملے کی تعداد 30 تک محدود، بھارتی شہریوں کو جاری تمام ویزے منسوخ، سکھ یاتری مستثنیٰ، بھارتی ایئر لائنز کا داخلہ بند: اعلامیہ

## ...ارت ٹی ٹی پی، بی ایل اے سمیت دنیا بھر میں دہشتگردی کی پشت پناہی کر رہا: خواجہ آصف، سندھ طاس معاہدے پر عملدرآمد کیلئے آخری حد تک جائینگے: اعظم نذیر تارڑ، عطا تارڑ

...ی جارحیت اور
...وئے پاکستان
...

راستے کے ذریعے تجارت فوری طور پر بند کرنیکا فیصلہ کیا ہے اور کہا ہے کہ پاکستان کا پانی روکنا اعلان جنگ تصور کیا جائیگا، جس کا پوری قوت سے جواب دینگے۔ شملہ معاہدہ سمیت تمام دوطرفہ معاہدوں کو معطل کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ علاوہ ازیں بھارتی ناظم الامور کو دفتر خارجہ طلب کر کے پاکستان کے جوابی اقدامات سے آگاہ اور ڈی مارش کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ اجلاس کے بعد جاری اعلامیہ کے مطابق پہلگام میں سیاحوں کی جانوں کے ضیاع پر افسوس اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کمیٹی نے 23 اپریل 2025 کو اعلان کردہ بھارتی اقدامات کا جائزہ لیا اور انہیں یکطرفہ، غیر منصفانہ، سیاسی محرکات پر مبنی، انتہائی غیر ذمہ دارانہ اور غیر قانونی قرار دیا اور کہا پاکستان سندھ طاس معاہدہ معطل کرنے کے بھارتی اعلان کو سختی سے مسترد کرتا ہے۔ یہ ایک بین الاقوامی معاہدہ ہے جس کی ثالثی عالمی بینک نے کی اور اس میں یکطرفہ طور پر (باقی صفحہ 5 نمبر ...

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

P-2

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2 Dated: 25 APR 2025 Page No. 13=13


پاکستان نے بھارتی دفاعی، نیول اور ایئر ایڈوائزرز کو ناپسندیدہ شخصیات قرار دیتے ہوئے انہیں ہدایت کی کہ وہ 30 اپریل تک پاکستان چھوڑ دیں، بھارتی ہائی کمیشن میں یہ اسامیاں منسوخ کردی گئی ہیں، ان ایڈوائزرز سے متعلقہ معاون سٹاف کو واپس جانے کا کہا گیا ہے۔ اسلام آباد میں بھارتی ہائی کمیشن میں سفارتکاروں اور عملہ کی تعداد 30 اپریل سے کم کر کے 30 کردی جائیگی۔ پاکستان کی فضائی حدود میں بھارت کی ملکیت اور بھارت سے چلنے والی تمام ایئر لائنز کا داخلہ فوری طور پر بند کیا جا رہا ہے۔ بھارت کے ساتھ تمام تجارت، بشمول کسی تیسرے ملک سے پاکستان کے راستے تجارت، فوری طور پر معطل کردی گئی ہے۔ قومی سلامتی کمیٹی نے کہا پاکستان کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھے گا۔ مسلسل بھارتی ریاستی جبر، ریاستی حیثیت کی منسوخی، سیاسی اور آبادیاتی ہیر پھیر، مقبوضہ کشمیر کے لوگوں کی طرف سے ایک فطری و مقامی ردعمل کا باعث بنی ہے، جو تشدد کی فضا کا باعث بنا ہے۔ اقلیتوں بالخصوص مسلمانوں کیخلاف بھارت کا منظم ظلم و ستم مزید بڑھ گیا ہے۔ وقف بل کی زبردستی منظوری کی کوششیں ہندوستان بھر میں مسلمانوں کو دیوار سے لگانے کی تازہ ترین کوشش ہے۔ بھارت کو ایسے المناک واقعات سے فائدہ اٹھانے کی بجائے لوگوں کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکامی کی پوری ذمہ داری قبول کرنی چاہئے۔ اعلامیہ کے مطابق پاکستان ہر قسم کی دہشت گردی کی بلاامتیاز مذمت کرتا ہے۔ مشرقی سرحدوں پر کشیدگی کی بھارتی کوششوں کا مقصد پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں سے توجہ ہٹانا ہے۔ کسی مصدقہ تحقیقات اور قابل تصدیق شواہد کی عدم موجودگی میں پہلگام حملے کو پاکستان سے جوڑنے کی کوششیں بے بنیاد، عقلیت اور منطق سے عاری ہیں۔ بھارت کی مظلومیت کا گھسا پٹا بیانیہ پاکستان کی سرزمین پر دہشت گردی کو ہوا دینے میں اس کے اپنے قصور کو چھپا نہیں سکتا اور نہ ہی وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں سے توجہ ہٹا سکتا ہے۔ پاکستان کے پاس پاکستان میں بھارتی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے ناقابل تردید ثبوت ہیں، جن میں کمانڈر کلبھوشن یادیو کا اعتراف بھی شامل ہے۔ قومی سلامتی کمیٹی نے 23 اپریل کے بھارتی بیان میں مضمر دھمکی کی مذمت کی اور کہا عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ بھارت کے ریاستی سرپرستی میں ماورائے عدالت قتل یا غیر ملکی سرزمین پر کی جانے والی کوششوں کو ذہن میں رکھے۔ یہ گھناؤنی کارروائیاں بین الاقوامی قانون کی کھلم کھلا خلاف ورزی کرتے ہوئے کی گئیں جیسا کہ حال ہی میں پاکستان کے ساتھ ساتھ دیگر ریاستوں نے ناقابل تردید ثبوتوں کے ساتھ بے نقاب کیا ہے۔ اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ پاکستان تمام ذمہ داروں، منصوبہ سازوں اور مجرموں کا پیچھا کرے گا اور انصاف کی فراہمی کو یقینی بنائے گا۔ پاکستان کی خودمختاری اور اس کے عوام کی سلامتی کو درپیش کسی بھی خطرے کا مقابلہ مناسب اور بھرپور انداز سے کیا جائے گا۔ بھارت کو اپنے سیاسی ایجنڈے کو آگے بڑھانے کیلئے الزام تراشی اور پہلگام جیسے واقعات کا منظم طریقے سے استحصال کرنے سے باز رہنا چاہیے۔ اس طرح کے ہتھکنڈے صرف کشیدگی کو بڑھاتے ہیں اور خطے میں امن و استحکام کی راہ میں رکاوٹ بنتے ہیں۔ بھارتی ریاست کے ہاتھوں کٹھ پتلی میڈیا کی جانب سے علاقائی امن و امان کو خطرے میں ڈالنا قابل مذمت ہے۔ قومی سلامتی کمیٹی نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان اور اس کی مسلح افواج کسی بھی مہم جوئی کیخلاف اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کی بھرپور صلاحیت کی حامل اور مکمل طور پر تیار ہے، جیسا کہ فروری 2019ء میں بھارت کی دراندازی پر پاکستان کے بھارت کے خلاف بھرپور ردعمل سے واضح طور پر ظاہر ہوتا ہے۔ بھارت کے جارحانہ اقدامات نے دو قومی نظریہ کے ساتھ ساتھ قائد اعظم محمد علی جناح کے خدشات کی بھی توثیق کی ہے۔ پاکستانی قوم امن کیلئے پرعزم ہے لیکن کسی کو بھی اپنی خودمختاری، سلامتی، وقار اور ناقابل تنسیخ حقوق سے تجاوز کرنے کی اجازت نہیں دیگی۔ اجلاس میں تینوں سروسز چیفس، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وفاقی وزراء اور دیگر شریک ہوئے۔ علاوہ ازیں بھارتی ناظم الامور گیبکا سری واستو کو دفتر خارجہ طلب کر کے پاکستان پر الزامات پر شدید احتجاج اور ڈی مارش کیا گیا۔ سفارتی ذرائع کے مطابق دفتر خارجہ نے بھارتی ناظم الامور کو باضابطہ تحریری طور پر بھارتی ہائی کمشن کے ڈیفنس، ایئر اور نیول اتاشیوں کو ناپسندیدہ قرار دیکر ملک چھوڑنے کے حکم اور دیگر اقدامات سے آگاہ کیا۔ ان میں سفارتی تعلقات نچلی سطح پر لانے، سفارتی عملے کی تعداد 30 تک محدود کرنے، سکھ یاتریوں کے علاوہ تمام بھارتی شہریوں کو 48 گھنٹوں میں پاکستان چھوڑنے، واہگہ چیک پوسٹ، فضائی حدود، تجارت بند کرنے کے فیصلے شامل ہیں۔ بھارت کو سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی کے جواب میں شملہ و دیگر پاک بھارت معاہدے معطل کرنے کے امکانات سے بھی آگاہ کیا گیا۔ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس کے بعد نائب وزیراعظم اور وفاقی وزرا نے مشترکہ پریس کانفرنس کی۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا بھارت یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدہ ختم نہیں کر سکتا اگر اس نے ایسا کیا تو ہم بھی شملہ معاہدے سمیت دیگر معاہدے ختم کرنے پر غور کریں گے۔ بھارت کی مسلسل الزام تراشیوں کو مسترد کرتے ہیں اگر بھارت کے پاس کوئی شواہد ہیں تو وہ پاکستان کے ساتھ شیئر کرے۔ افواجِ پاکستان ہر قسم کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے تیار ہیں، کسی بھی مس ایڈونچر کا منہ توڑ جواب دیا جائیگا۔ اسحاق ڈار نے بتایا کہ میں نے بنگلہ دیش کا دورہ ملتوی کر دیا ہے، پاکستانی ہائی کمیشن کی سکیورٹی کم کی گئی تو ہم بھی ایسا ہی کریں گے، بھارتی اقدامات کا برابر جواب دیا جائے گا۔ بھارت نے پاکستان کا پانی بند کیا تو یہ جنگ کا عندیہ ہوگا، ایٹمی طاقت ہونے کی وجہ سے کوئی ہمیں میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا، ورلڈ بینک کو بھارتی بیان سے متعلق آگاہ کریں گے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا بھارت نہ صرف خطے بلکہ دنیا بھر میں دہشت گردی کی پشت پناہی کر رہا ہے، نریندر مودی پر امریکہ میں ویزا پابندی عائد رہی ہے اور یہ پابندی گجرات میں مسلمانوں کے قتل عام کے باعث لگائی گئی تھی۔ مقبوضہ کشمیر میں بھارت نے نو لاکھ فوجی تعینات کر رکھے ہیں، اس کے باوجود اگر وہاں دہشت گردی کا کوئی واقعہ ہوتا ہے تو یہ ایک بڑا سوالیہ نشان ہے، بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کے لیڈرز بھارت میں موجود ہیں اور وہیں سے دہشت گردی کے نیٹ ورکس کو آپریٹ کیا جاتا ہے، بھارت دہشت گردی کے تانے بانے نہ صرف پاکستان بلکہ کینیڈا تک پھیلا رہا ہے۔ ٹی ٹی پی کو بھی بھارت کی مکمل پشت پناہی حاصل ہے۔ پلواما واقعہ پر پاکستان نے بھارت کو منہ توڑ جواب دیا تھا اور آئندہ بھی کسی جارحیت پر پاکستان اپنی وحدت اور دفاع ثابت کریگا۔ بطور ریاست ہندوستان نے امریکہ اور کینیڈا میں دہشت گردی کو ایکسپورٹ کیا، دونوں ممالک نے اس پر احتجاج کیا یہاں تک کہ کینیڈا نے ان کے ساتھ سفارتی تعلقات کو خطرے میں ڈال دیا۔ وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ بھارت کا ردعمل بچگانہ تھا، پاکستان نے بھارت کو بھرپور جواب دیا ہے، فضائی حدود بند ہونے سے بھارت کو معاشی نقصان ہوگا، بھارت کے پاس صرف کھوکھلی دھمکیاں اور گیدڑ بھبھکیاں ہیں۔ ہمارے پاس بھارت کی ریاستی دہشت گردی کے ثبوت ہیں، بیانیے کی جنگ میں بھی پاکستان کامیاب رہا ہے۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ کی معطلی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، بھارت اپنی سکیورٹی کی ناکامی کا بوجھ پاکستان پر نہ ڈالے۔ بھارت اپنے لوگوں کی حفاظت کرنے میں ناکام ہوا ہے، اور اپنی ناکامی کا ملبہ کسی دوسرے پر نہیں ڈال سکتا۔ سندھ طاس معاہدہ ہمارے لیے ایک مقدس معاہدہ ہے، اور ہم اس پر عمل درآمد کے لیے آخری حد تک جائیں گے۔ اٹارنی جنرل منصور عثمان نے کہا کہ جنگوں کے باوجود سندھ طاس معاہدہ قائم رہا، سندھ طاس معاہدہ کسی صورت معطل نہیں ہوسکتا۔

## جمعیت ہر دور میں باطل کیخلاف سیسہ پلائی دیوار بنی رہی ہے، مولانا واسع

**اصولوں کو ترجیح دی، "اسرائیل مردہ باد ملین مارچ" کی ایمانی جذبے سے دین کا مسئلہ سمجھ کر تیاریاں کریں**

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ جمعیت محض ایک سیاسی جماعت نہیں بلکہ ایک دینی، نظریاتی، اور انقلابی تحریک ہے جو ہر دور میں باطل کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بنی رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کی تاریخ گواہ ہے کہ یہ جماعت ہمیشہ آئین، قانون اور جمہوری اقدار کی علمبردار رہی ہے، ہمارے بزرگوں نے آزادی کے بعد سے لے کر آج تک جتنے بھی سیاسی نشیب و فراز دیکھے، ان میں جمعیت نے ہمیشہ اصولوں کو ترجیح دی، اقتدار کی ہوس سے خود کو بچایا اور قوم کے نظریاتی و فکری مفادات کا سودا نہ کیا۔ ہم نے سیاست کو محض ایک ظاہری عمل نہیں بلکہ عبادت سمجھ کر اپنایا اور آمریت ہو یا سامراجیت، ہر فتنہ پر للکار کر کہا کہ ہم حق کے ساتھ ہیں، انہوں نے کہا کہ آج جب پاکستان کو ایک بار پھر سیاسی انارکی، معاشی بدحالی اور نظریاتی ابہام کا سامنا ہے تو جمعیت علماء اسلام ایک بار پھر میدان میں ہے، سینہ سپر، یکسو، اور عزم مصمم کے ساتھ ہم وہ کارواں ہیں جو کسی کے اشارے پر رکتے نہیں، نہ کسی کے دباؤ میں جھکتے ہیں۔ ہماری قیادت نظریاتی ہے، ہمارا سفر مقصدی ہے، اور ہماری تحریک ایمانی جذبے سے لبریز ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں "اسرائیل مردہ باد ملین مارچ" ہماری ملت کے جذبے، وحدت، غیرت اور ایمان کی بھرپور عکاسی ہے۔ یہ مارچ صرف احتجاج نہیں بلکہ ایک پیغام ہے ان طاغوتی قوتوں کے لیے جو فلسطین پر ظلم ڈھا رہے ہیں اور مسلم امہ کی وحدت کو پارہ پارہ کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ مولانا عبدالواسع اور مولانا آغا محمود شاہ نے تمام ضلعی، تحصیل اور یونٹ سطح کی تنظیمات کو تاکید کرتے ہوئے کہا کہ اس مارچ کو ایمانی جذبے سے دین کا مسئلہ سمجھ کر تیاریاں کریں۔

## کوالٹی ایجوکیشن کے فروغ کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائینگے، ڈاکٹر مالک

**تعلیمی سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے، گورنمنٹ عطا شاد ڈگری کالج تربت کے دورے کے موقع پر گفتگو**

تربت (نامہ نگار) رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے گورنمنٹ عطا شاد ڈگری کالج تربت کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کالج کے پرنسپل پروفیسر امان اللہ نیشنل ایرا کین اور تدریسی عملے سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ادارے کو درپیش مسائل بالخصوص انفراسٹرکچر کی کمی اور طلبہ کو درپیش مشکلات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈاکٹر عبدالمالک نے کالج انتظامیہ کو یقین دلایا کہ تعلیمی سہولیات کی فراہمی ان کی اولین ترجیح ہے اور وہ ادارے کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کریں گے۔ دورے کے دوران کالج پرنسپل اور اساتذہ کی جانب سے ادارے کو درپیش تعلیمی و انتظامی چیلنجز پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ رکن صوبائی اسمبلی نے تدریسی عمل کا جائزہ لیتے ہوئے اساتذہ کو ہدایت کی کہ طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کی بہتری کے لیے ہر ممکن عملی اقدامات اٹھائے جائیں گے اور طلبہ کو ایک بہتر اور سازگار تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کی جا چکی ہیں۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے اس موقع پر اس عزم کا اعادہ کیا کہ کوالٹی ایجوکیشن کے فروغ اور کالج کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے جائینگے۔

## بلوچستان میں بحران پورے ملک کیلئے باعث تشویش ہے، لیاقت بلوچ

**وفاق سے صوبوں کی شکایات بڑھ رہی ہیں، غیر آئینی اقدامات سے ملک [illegible] کی جانب جا رہا ہے، پریس کانفرنس**

**حافظ حسین احمد اتحاد امت کے بڑے داعی تھے، ان کا مشن کامیاب ہوگا، صاحبزادوں سے تعزیت، گفتگو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان بحران در بحران کا شکار ہے جو پورے ملک کے لئے باعث تشویش ہے، بلوچستان کے لوگوں کے حقوق کی طرف توجہ نہیں دی جا رہی وفاق بلوچستان کے لوگوں کی آواز سنے، بلوچستان کے موضوع پر اسلام آباد میں قومی کانفرنس منعقد کرنے جا رہے ہیں، وفاق سے صوبوں کی شکایات بڑھ رہی ہیں، غیر آئینی اقدامات کی وجہ سے پاکستان مشکلات کی جانب جا رہا ہے پاکستان میں آئین کی بالادستی چاہتے ہیں قومی قیادت ہمت کرے بلوچستان کیلئے آگے بڑھے، ہم عوام کے حقوق کیلئے ہر پلیٹ فارم پر آواز بلند کرتے رہیں گے، بھارت نے سندھ طاس معاہدہ یکطرفہ طور پر معطل کیا ہے اس کے پاس معاہدہ معطل کرنے کا اختیار نہیں، اس کا یہ اقدام عالمی معاہدوں کی خلاف ورزی ہے، 26 اپریل کو غزہ کے مسلمانوں پر ہونے والے مظالم کے خلاف ملک گیر سطح پر ہڑتال کی کال دی ہے، یہ بات انہوں نے پریس کانفرنس میں کہی، اس موقع پر جماعت اسلامی کے صوبائی رہنما بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ لاپتہ افراد کا مسئلہ گھمبیر شکل اختیار کرتا جا رہا ہے، لوگ اپنے پیاروں کی بازیابی کیلئے سراپا احتجاج ہیں لیکن کوئی سننے والا نہیں، بلوچستان کے موضوع پر اسلام آباد میں قومی کانفرنس منعقد کرنے جا رہے ہیں۔

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ

حافظ حسین احمد اتحاد امت کے بڑے داعی تھے، دینی جماعتوں کے درمیان اتحاد اور مشترکہ حکمت عملی ان کی خواہش تھی، ان کا مشن ضرور کامیاب ہوگا اور پاکستان میں قرآن و سنت کا نظام قائم ہوگا۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو جامعہ مطلع العلوم میں جے یو آئی کے سینئر رہنما سابق سینیٹر حافظ حسین احمد کی وفات پر ان کے صاحبزادوں سے تعزیت کے بعد گفتگو میں کہی۔ اس موقع پر جماعت کے اسلامی کے دیگر رہنما بھی ان کے ہمراہ تھے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ حافظ حسین احمد نے شاندار سیاسی زندگی کے ساتھ دینی اور سماجی میدان میں بہت اعلیٰ اقدار کو پیدا کیا، طویل عرصہ بیماری کا بڑی بردباری، استقامت کے ساتھ مقابلہ کیا۔

## لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کی بجائے جدید خطوط پر استوار کیا جائے، اے این پی

**کوئٹہ جیل سے بلوچ اسیر خواتین کی پشین جیل منتقلی اشتعال انگیز ہے، جمال رشتیا و دیگر کا خطاب**

مسلم باغ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ لیویز نظام کو ختم کرنے اور اسے پولیس میں ضم کرنے کی بجائے لیویز فورس کو جدید خطوط پر منظم کیا جائے۔ پولیس کے مقابلے میں لیویز فورس بڑے رقبے پر قلیل بجٹ میں امن و امان کی صورتحال کو کنٹرول کئے ہوئے ہیں اور پولیس ایریا کے مقابلے میں جرائم کی شرح کافی کم ہے۔ ان خیالات کا اظہار عوامی نیشنل پارٹی کے قائم مقام صوبائی صدر جمال الدین رشتیا صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا ضلعی صدر حاجی محمد خان کاکڑ صوبائی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری عبدالباری کاکڑ صوبائی ترجمان ولی داد میانی صوبائی نائب صدر عبدالمالک کاکڑ رکن مرکزی کمیٹی خان زمان کاکڑ ضلعی جنرل سیکرٹری عبدالقاہر کاکڑ تحصیل صدر رفیع اللہ کاکڑ پی ایس ایف الیکشن کمیٹی چیئرمین رزاق عاصم بسم اللہ کاکڑ عبدالرحیم تارن عطا محمد جمعہ خان امین شاہ جبار موریزئی و دیگر نے ملک ہاؤس کان مہترزئی میں 25 اپریل کو منعقدہ احتجاجی جلسے کی تیاریوں کے سلسلے میں ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا مقررین نے کہا کہ پشتون بلوچ وطن میں سیاست پر قدغن ہے سیاسی کارکن پابند سلاسل ہیں۔

## نرخنامہ نا منظور، مناسب ریٹ دیا جائے، اتحاد نانبایان

**بصورت دیگر منگل سے تمام تندور بند کر کے چابیاں انتظامیہ کے حوالے کر دیں گے، محمد نعیم، رضا خلجی و دیگر کی پریس کانفرنس**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اتحاد نانبایان ایسوسی ایشن نے روٹی کے نئے نرخ نامے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں یہ نرخ قبول نہیں، فیصلے پر نظر ثانی کی اور ہمیں مناسب ریٹ دیا جائے بصورت دیگر منگل سے تمام تندور بند کر کے چابیاں انتظامیہ کے حوالے کر دیں گے، یہ بات اتحاد نانبایان ایسوسی ایشن کے سربراہ محمد نعیم خلجی نے صدر رضا محمد خلجی و دیگر کے ہمراہ جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ میں 26 سال سے ایسوسی ایشن کا صدر ہوں، پرائس کنٹرول کمیٹی کا حال ہی میں اجلاس ہوا اس موقع پر میں کوئٹہ میں موجود نہیں تھا، جب بھی روٹی کی قیمت کا تعین کرنے کے حوالے سے اجلاس ہوتا ہے اس میں صدر نان بائیان، اے سی، وکلاء برادری، انجمن تاجران اور عوامی نمائندے مشترکہ طور پر مشاورت کرتے اور اتفاق رائے سے نرخ مقرر کرتے ہیں جس کے بعد رپورٹ چیئرمین پرائس کنٹرول کمیٹی کو پیش کی جاتی اور آئندہ اجلاس میں باقاعدہ نرخ نامہ کا اعلان کیا جاتا ہے لیکن اس بار ہمیں اعتماد میں لئے بغیر نرخ نامہ جاری کیا گیا جسے ہم مسترد کرتے ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 25 APR 2025 Page No. 18

## سرحدی تجارت میں رکاوٹوں کا خاتمہ ناگزیر ہے' پشتونخوامیپ

### ہزاروں خاندان فاقہ کشی پر مجبور' سریاب میں بدامنی باعث تشویش ہے' زیارتوال

### آئین کی بے توقیری سے بحرانوں کا شکار ہیں' 26 اپریل جلسے میں عوام سے شرکت کی اپیل

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پشتون عوام کا معاشی قتل عام منصوبہ بندی کے سوا کچھ نہیں، ڈیورنڈ خط کے تمام تجارتی پوائنٹس پر صدیوں سے جاری آمدورفت اور تجارت میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ ناگزیر ہے، کاروبار، تجارت کی بندش کے اثرات نہ صرف چمن بلکہ کوئٹہ کے تمام تاجر، دکاندار، مزدور اور ہزاروں خاندان فاقوں پر مجبور ہوگئے ہیں 26 اپریل کے احتجاجی مظاہرے و جلسے میں عوام سے شرکت کی اپیل کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے رہنماؤں نے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی تحصیل سریاب کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا صدارت تحصیل سیکرٹری نیاز بڑیچ نے کی اجلاس میں پارٹی کے زیر اہتمام 26 اپریل کے احتجاجی مظاہرے کی تیاریوں اور اس میں شرکت کے لیے مختلف فیصلے کیئے گئے اجلاس میں مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نظام عسکر، ضلع سینئر معاون سیکرٹری جمشید دوتانی، تحصیل سینئر معاون سیکرٹری سید عبدالخالق آغا نے شرکت کی۔

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوامیپ کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ ملک کے ہمہ جہت بحرانوں کی وجہ آئین کی معطلی اور بے توقیری ہے، آئین سے انحراف کے باعث ملک آئینی، سیاسی، معاشی، معاشرتی بحرانوں سے دوچار اور ملک میں اس وقت بدترین سیاسی عدم استحکام کی صورتحال ہے، آئین برخلاف ہر اقدام ملک کو مزید بحرانوں میں دھکیلنے کے مترادف ہوگا فارم 47 کی حکومت عوام کی منتخب کردہ نہیں بلکہ عوام کے حق رائے دہی پر ڈاکہ ڈال کر نیلامی کی اسمبلیوں کی خرید وفروخت اور زر زور یاستی زور کی بنیاد پر مسلط ہوئی ہیں جس کا خاتمہ اور ملک میں ازسرنو شفاف غیر جانبدارانہ انتخابات لازمی اور ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار کے رہنماؤں نے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی تحصیل کچلاک کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس کی صدارت تحصیل سیکرٹری ملک نادر کاکڑ نے کی اجلاس میں پارٹی کے تنظیمی سیاسی امور کا جائزہ لیا گیا۔

MASHRIQ QUETTA

## سندھ طاس معاہدہ انٹرنیشنل ہے بھارت کی جانب سے معطلی قبول نہیں' علی مردان ڈومکی

### معاملے پر پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت نے جو جرات مندانہ اقدامات اٹھائے وہ قومی مفاد و علاقائی امن کیلئے انتہائی ناگزیر تھے' سابق وزیراعلیٰ

### بھارت کے جارحانہ عزائم آشکار' ایسے فیصلوں میں پارلیمنٹ صوبوں اور قومی قیادت کو ساتھ لے کر چلنا بہتر حکمرانی کا مظہر ہوگا

### بلوچستان کی سرزمین حب الوطنی کی علامت عوام ہر اس اقدام کے ساتھ ہیں جو ملکی بقا، سالمیت اور استحکام کیلئے اٹھایا جائے' بھارتی اعلان پر ردعمل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی نے قومی سلامتی کمیٹی کے حالیہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت نے جو ٹھوس اور جرات مندانہ اقدامات اٹھائے ہیں وہ قومی مفاد اور علاقائی امن کیلئے انتہائی ناگزیر تھے اپنے ایک بیان میں میر علی مردان ڈومکی نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ ایک بین الاقوامی .......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

ہے، جسے بھارت کی جانب سے معطل کرنے کا اعلان نہ صرف قانونی طور پر ناقابلِ قبول ہے بلکہ اس سے بھارت کے جارحانہ عزائم بھی آشکار ہو گئے ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ایسے غیر ذمہ دارانہ اقدامات کے مقابلے میں پوری حکمت اور قانونی بنیادوں پر بین الاقوامی فورمز پر آواز بلند کرنی چاہیے سابق وزیراعلیٰ نے زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی فضائی حدود، زمینی بارڈرز اور تجارتی پالیسی سے متعلق قومی سلامتی کمیٹی کے فیصلے داخلی خودمختاری کے تحفظ کی علامت ہیں

## سندھ طاس معاہدے کی معطلی قابلِ مذمت فعل ہے' علی مدد جتک

### بھارت نے جب بھی پاکستان کے ساتھ مس ایڈونچر کرنے کی کوشش کی اسے منہ کی کھانی پڑی' ایم پی اے

### سندھ طاس معاہدے کی معطلی کھلی جارحیت اور خطے میں امن کے لئے سنگین خطرہ ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ بھارت نے جب بھی پاکستان کے ساتھ مس ایڈونچر کرنے کی کوشش کی ہے اسے منہ کی کھانی پڑی ہے، قومی سلامتی کمیٹی کا اعلامیہ قوم کی امنگوں کی ترجمانی ہے، بھارت بوکھلاہٹ کا شکار ہے، سندھ طاس معاہدے کی معطلی قابلِ مذمت فعل ہے، عالمی برادری بھارت کے ان ہتھکنڈوں کا نوٹس لے۔ یہ بات انہوں .......... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

نے اپنے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس کے فیصلے پاکستان کے مضبوط عزم اور بھارت کے ہر قسم کی جارحیت کا جواب دینے کی صلاحیت رکھنے کی عکاسی کرتے ہیں پوری قوم ان فیصلوں کے ساتھ ہے اور اپنی حکومت و افواج کے ساتھ کھڑی ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان نے جعفر ایکسپریس کے واقعے سے متعلق حقائق اقوام متحدہ میں پیش کیے، بھارت ہمیشہ صرف بلیم گیم کھیلتا ہے، ہماری ہماری مسلح افواج ہر قسم کے چیلنج کے لئے تیار ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 4

Dated: 25 APR 2025

Page No. 16

[illegible]

INTEKHAB QUETTA

## حب وساکران، ٹریفک حادثات میں 2 افراد جاں بحق، رئیس گوٹھ سے بوری بند نعش برآمد

ساکران روڈ پر واٹر ٹینکر نے موٹر سائیکل سوار کو کچل ڈالا، ایک شخص زخمی ہسپتال پہنچا دیا گیا

[illegible]

# کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں طویل لوڈشیڈنگ جاری، معمولات زندگی متاثر

## موسم گرم ہوتے ہی بجلی کی بندش کا دورانیہ بڑھا دیا گیا' پانی کی قلت پیدا ہوگئی' کیسکو چیف سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کے وسطی ونواحی علاقوں اور تجارتی مراکز میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ صارفین عاجز آگئے، کیسکو کا لوڈ مینجمنٹ سسٹم ناکارہ، ٹرانسفارمرز اوورلوڈ ہونے کے باعث آئے روز خراب وٹرپ ہونے لگے شہری پریشان کاروبار بھی متاثر، معمولات زندگی مفلوج ہوکر رہ گئی، کیسکو حکام شکایتی نمبرز بھی نہیں اٹھاتے صارفین کا شکوہ، تفصیلات کے مطابق شہر کے وسطی ونواحی علاقوں اور تجارتی مراکز میں بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے وہیں کیسکو کا لوڈ مینجمنٹ سسٹم بھی انتہائی ناقص ہے ٹرانسفارمرز اوورلوڈ ہونے کی وجہ سے آئے روز ٹرپ ہورہے ہیں جبکہ وولٹیج بھی انتہائی کم ہے جسکی وجہ سے گھریلو برقی آلات خاص کر یو پی ایس جل کر ناکارہ ہورہے ہیں جبکہ عوام ذہنی اذیت کا شکار ہوگئے ہیں بجلی کی عدم دستیابی کی وجہ سے معمولات زندگی بھی بری طرح متاثر ہورہی ہے بعض علاقوں میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے وقت پانی کو سپلائی کا بھی ٹائم ہوتا ہے جس کی وجہ سے مختلف علاقوں میں آبنوشی کا مسئلہ بھی جنم لے رہا ہے دوسری جانب کاروباری مراکز میں بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے کاروبار بھی بری طرح متاثر ہورہا ہے عوامی اور سماجی حلقوں اور تاجروں نے کیسکو حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر کے وسطی ونواحی علاقوں میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کم اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ ختم کیا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

# محکمہ پی ایچ ای کی ناقص کارکردگی ڈیرہ مراد جمالی کے عوام پینے کے صاف پانی کو ترس گئے

## ٹوٹے ہوئے پائپ لائنوں کی مرمت نہیں کی جاتی البتہ مرمت کے نام پر ماہانہ لاکھوں روپے کے بجٹ کو ٹھکانے لگایا جاتا ہے

## پائپ لائنوں کی ٹوٹ پھوٹ سے سیوریج کا آلودہ پانی شامل ہونے سے لوگ دست الٹی سمیت دیگر بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) محکمہ پی ایچ ای نصیر آباد کی ناقص کارکردگی، شرقی ڈیرہ مراد جمالی کے عوام پینے کے صاف پانی کے لیے ترس گئے۔ ٹوٹے ہوئے پائپ لائنوں کی مرمت نہیں کی جاتی البتہ مرمت کے نام پر ماہانہ لاکھوں روپے کے بجٹ کو ٹھکانے لگایا جاتا ہے۔ پائپ لائنوں کی ٹوٹ پھوٹ سے سیوریج کا آلودہ پانی شامل لوگ دست الٹی سمیت دیگر بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے۔ سب انجینئر سے لیکر ایلسین تک کوئی دفتر میں نہیں بیٹھتا۔ لوگ دفتر کا چکر لگا کر مایوس لوٹ جاتے ہیں۔ صوبائی وزیر میر صادق عمرانی اور ڈپٹی کمشنر نصیر آباد سے نوٹس لینے کی اپیل۔ ڈیرہ مراد جمالی میں پی ایچ ای کا محکمہ صرف شو پیس بن کر رہ گیا۔ خاص کر ڈیرہ مراد جمالی شرقی اور غربی دونوں اطراف میں صاف پانی عوام کے لیے ایک خواب بن کر رہ گیا۔ واٹر سپلائی کے پائپ لائن ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں مگر ان کی مرمت کے لیے کوئی قدم نہیں اٹھائی جاتی البتہ مرمت کے نام پر مہینہ ماہانہ لاکھوں روپے کے بجٹ کو ٹھکانہ لگایا جاتا ہے۔ عوام جب اپنے شکایات لیکر پی ایچ ای آفس پہنچتے ہیں تو وہاں ان کے دادرسی کے لیے والی مین سے لیکر ایلسین تک اپنے سیٹ پہ موجود نہیں ہوتا اور لوگ مایوس ہو کر واپس آتے ہیں۔ عوامی حلقوں نے صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی، میر بلال خان عمرانی، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد سے اپیل کی ہے کہ وہ شرقی سائیڈ اور غربی سائیڈ دونوں اطراف ڈیرہ مراد جمالی میں پینے کے صاف کی کی فراہمی کو یقینی بنائیں جائیں اور ایلسین سمیت دیگر عملے کو پابند کریں کہ وہ عوامی خدمت کے لیے اپنے دفاتر میں موجود رہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 25 APR 2025 Page No. 18


## کوئٹہ، روٹی کی قیمتی میں کمی کا فیصلہ۔۔۔

صوبائی دارالحکومت میں مہنگائی کا دور دورہ ہے یہاں قصاب، نانبائی، دودھ دہی سبزی فروش سمیت پھل والے عوام سے اپنی مرضی کے نرخوں پر اشیاء فروخت کر رہے ہیں انہوں نے ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کے احکامات کو کبھی نہیں مانا اس طرح کمیٹی کے مقرر کردہ نرخوں پر عوام کو اشیاء فراہم نہیں کیں، افسوس کی بات یہ ہے کہ ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی اس سلسلے میں ان گرانفروشوں کیخلاف خاطر خواہ کارروائی نہیں کر پاتی، البتہ پورے سال میں صرف رمضان کے ماہ میں کمیٹی تھوڑی سی متحرک ہوتی ہے، گرانفروشوں کو گرفتار کر کے چند ایک کو جیل میں بند اور معمولی سے جرمانے کئے جاتے ہیں اور یہ دکاندار جیل سے رہا ہونے کے بعد حکومت کو دیئے جانے والا جرمانہ عوام سے مزید گرانفروشی کر کے وصول کر لیتے ہیں اور اس طرح یہ کھیل چلتا رہتا ہے رمضان کے بعد کمیٹی کی کورئی کارروائی نظر نہیں آتی۔

گزشتہ روز کوئٹہ ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس اے ڈی سی جنرل کوئٹہ محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں شہر میں 360 گرام روٹی کی قیمت 30 روپے مقرر کرتے ہوئے مقررہ قیمت کو واضح جگہ آویزاں کرنے اور خلاف ورزی پر سخت کارروائی کا فیصلہ کیا گیا اس موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اے ڈی سی (جنرل) محمد انور کاکڑ نے کہا کہ تندور مالکان آٹے کی قیمت بڑھنے پر فوری ردعمل دیتے لیکن آٹا سستا ہونے کے باوجود روٹی کی قیمت میں کمی نہیں کرتے۔ جو عوام کے ساتھ زیادتی ہے انہوں نے کہا کہ تندور ایسوسی ایشن کے نمائندوں کو بار بار نوٹسز دیئے جا چکے ہیں کہ روٹی کی قیمتیں کم کی جائیں مگر اس پر عملدرآمد نہیں ہو رہا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 25 APR 2025 Page No. 19

# بجٹ و پی ایس ڈی پی میں شفافیت کو اولیت دی جائیگی

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نئے مالی سال کے بجٹ کی تشکیل، پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ پروگرام کو عوامی ضروریات سے ہم آہنگ کرنے اور بجٹ سے متعلق وفاقی حکومت سے بات چیت کے لیے اتحادی جماعتوں پر مشتمل اراکین کی پارلیمانی کمیٹی تشکیل دے دی ہے اس کمیٹی کی سربراہی وزیر اعلیٰ خود کریں گے جو وزیر اعظم پاکستان سے ملاقات کر کے بجٹ سازی اور وفاقی حکومت سے متعلق امور پر نتیجہ خیز بات چیت کرے گی، گزشتہ روز چیف منسٹر سیکریٹریٹ کوئٹہ میں ایک اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کی اجلاس میں پاکستان پیپلز پارٹی، پاکستان مسلم لیگ، بلوچستان عوامی پارٹی، عوامی نیشنل پارٹی اور جماعت اسلامی کے پارلیمانی رہنماں، وزراء، پارلیمانی سیکریٹریز اور اتحادی جماعتوں کے اراکین نے شرکت کی اجلاس کے دوران وزیر اعلیٰ نے بجٹ کے اہم نکات اور ترقیاتی ترجیحات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ آئندہ مالی سال کا بجٹ ماضی کی روایات سے مختلف ہوگا اور اسے مکمل طور پر عوامی ضروریات اور صوبے کی ترقیاتی ترجیحات کے مطابق ترتیب دیا جائے گا۔ بجٹ اور پی ایس ڈی پی میں شفافیت، میرٹ اور اچھی حکمرانی کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ محدود وسائل کے باوجود زیادہ سے زیادہ عوامی فلاح کے منصوبے مکمل کیے جاسکیں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ترقیاتی بجٹ میں بدعنوانی اور اقربا پروری کی کوئی گنجائش نہیں ہوگی اور صرف منظور شدہ اور عوامی مفاد کے منصوبے ہی بجٹ کا حصہ ہوں گے تعلیم، صحت، بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور عام شہری کی زندگی میں بہتری لانے والے منصوبے حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہوں گے۔ تمام اتحادی جماعتوں کے درمیان مکمل اتفاق رائے اور ہم آہنگی موجود ہے جو بلوچستان کی ترقی کے لیے ایک خوش آئند علامت ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہماری حکومت کا بنیادی عزم یہی ہے کہ بلوچستان کے عوام کو ان کا جائز حق ملے اور ترقی کے ثمرات ہر طبقے تک پہنچیں اور حکومتی اقدامات کے ثمرات ہر اس عام بلوچستانی شخص تک پہنچیں جو گرمی میں جھلستا اور سردی میں ٹھٹھرتا ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ بجٹ محض اعداد و شمار کا مجموعہ نہ ہو بلکہ ایک ایسا جامع روڈ میپ ہو جو بلوچستان کے ہر باسی کی زندگی میں حقیقی بہتری لانے کا ذریعہ بنے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وہ دن دور نہیں جب صوبے کے دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں میں بھی ترقی کی روشنی پہنچے گی حکومت اس بات پر مکمل یقین رکھتی ہے کہ جب تک عام شہری کو تعلیم، صحت، روزگار اور بنیادی سہولیات مہیا نہیں ہوتیں، ترقی کا عمل ادھورا رہے گا۔ بجٹ سازی صرف مالی بندوبست نہیں بلکہ عوامی اعتماد کا معاملہ ہے اور ہم یہ اعتماد مضبوط بنیادوں پر استوار کریں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 25 APR 2025 Page No. 20

# Attack on polio workers

The blood spilled in Teri, Mastung district, on Wednesday is not just the blood of two brave Levies personnel. These men, selflessly escorting a polio vaccination team, were martyred in a heinous act of violence, their lives extinguished while protecting those striving to eradicate a disease that has crippled generations. Their sacrifice underscores the perilous environment in which frontline health workers operate, tirelessly working to safeguard our children from the scourge of polio. This brutal attack, occurring during a crucial week-long anti-polio campaign, is a stark reminder of the persistent threats that plague our efforts to achieve a polio-free Pakistan. While no group has yet claimed responsibility, the grim reality of extremist elements operating in the Mastung region casts a long shadow of suspicion. The possibility that these dedicated health workers and their protectors were targeted by those who reject progress and embrace violence is deeply disturbing. Compounding this tragedy is the chilling echo of a similar incident just last week, where three police personnel lost their lives in an IED blast, a crime claimed by the Islamic State. This pattern of violence targeting security forces in Balochistan is deeply concerning and suggests a deliberate campaign to destabilize the region and undermine any efforts towards peace and development. The Balochistan government's condemnation of this latest atrocity and the announcement of a thorough investigation are necessary first steps. However, words alone are insufficient. The time for decisive and concrete action is now. It is the fundamental responsibility of the state to ensure the safety and security of polio workers who are undertaking a noble and essential service to the people of Balochistan. These individuals brave difficult terrain and often hostile environments to reach every child with life-saving vaccines. They are the frontline soldiers in our battle against a debilitating disease, and they deserve our unwavering protection. It is imperative that the government takes a multi-pronged approach to address this crisis. Firstly, a swift and transparent investigation must be conducted to bring the perpetrators of this heinous crime to justice. Secondly, a comprehensive security strategy needs to be implemented to safeguard polio vaccination teams across the province, particularly in vulnerable areas. This may involve increasing the number of security personnel, providing better equipment, and developing proactive security protocols. Furthermore, there is a critical need to engage with local communities and religious leaders to build trust and dispel misinformation surrounding polio vaccination. Misconceptions and baseless conspiracy theories have often been exploited by extremist elements to discourage participation in these vital health campaigns.

CamScanner



صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی بجٹ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



صوبائی وزیر سردار فیصل جمالی سے صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ ملاقات کر رہے ہیں




صوبائی وزیر میر علی حسن زہری بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی چیئر پرسن سینیٹر روبینہ خالد سے ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. Dated: 25 APR 2025 Page No.



چیف سیکرٹری شکیل قادر خان بلوچستان سول سروس اکیڈمی کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سول سروس اکیڈمی کے ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں